# چنبیلی

کے۔ جی کے طلبا کے لیے

اُردو کا گُلدستہ

نظرِثانی شدہ ایڈیشن

فوزیہ احسان فاروقی

(رہنمائے اساتذہ)



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

# فہرست


- تعارف ..................................... iv
- مقاصد برائے درسی کتاب چنبیلی..................... v
- عمومی ہدایات برائے اساتذہ........................ vii
- خصوصی ہدایات برائے اساتذہ........................ viii

اعادہ و تعارف

- اعادہ و تعارف کے مقاصد اور مددگار مواد ............۲
- تختۂ نرم کی تجاویز................................ ۳

تعارف

- تعارف کے مقاصد اور مددگار مواد.................. ۴
- چنبیلی کے ابتدائی حصّے کا کام .................۶

یونٹ نمبر ۱

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ............... ۱۴
- تختۂ نرم کی تجاویز..................................۱۵
- یونٹ کا بقیہ کام.......................................۱۶

یونٹ نمبر ۲

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ............... ۳۳
- تختۂ نرم کی تجاویز................................ ۳۴
- یونٹ کا بقیہ کام...................................... ۳۵

یونٹ نمبر ۳

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ...................... ۴۴
- تختۂ نرم کی تجاویز.................................... ۴۵
- یونٹ کا بقیہ کام........................................۴۶

یونٹ نمبر ۴

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ...................... ۵۸
- تختۂ نرم کی تجاویز....................................۵۹
- یونٹ کا بقیہ کام........................................۶۰

یونٹ نمبر ۵

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد .....................۶۶
- تختۂ نرم کی تجاویز.................................... ۶۷
- یونٹ کا بقیہ کام........................................۶۸

یونٹ نمبر ۶

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ..................... ۸۱
- تختۂ نرم کی تجاویز....................................۸۲
- یونٹ کا بقیہ کام........................................ ۸۳
- گتّے کے تراشوں (کٹ آؤٹس)
  کے لیے دیے گئے خاکے ............................. ۱۰۴
- بچّوں کے کام کے نمونے............................. ۱۰۷

# تعارف

یہ رہنمائے اساتذہ اُردو کا گلدستہ سیریز کی درسی کتاب 'چنبیلی' کے۔جی جماعت (نظرِ ثانی شدہ ایڈیشن) کے لیے تیار کی گئی ہے۔ مددگار کُتب اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم (نظرِ ثانی شدہ ایڈیشن)، ''قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے'' (حصّہ اوّل) اور معاون کتاب ''تارے'' کا مواد بھی اس منصوبہ بندی کا حصّہ بنایا گیا ہے۔ اس کے ساتھ اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس سے شائع شدہ فلیش کارڈز کے استعمال کا طریقہ بھی شامل کیا گیا ہے۔

جماعت اوّل سے قبل پری پرائمری کی تین جماعتوں میں طلبا کی قبل از پڑھائی اور قبل از لکھائی (Pre-reading and pre-writing) مہارتوں پر کام کیا جاتا ہے۔ خواندگی (literacy) کے بنیادی اہداف کا حصول تب ہی ممکن ہے جب طلبا کی مشاہدے (observation) کی صلاحیتوں کو بامعنی اور بامقصد بنایا جائے۔ ہاتھوں اور جسمانی حرکات پر قابو پانے کی مختلف مشقوں کے ساتھ ساتھ طلبا علامتیں، ہندسے، اشارے اور نقاط کی پہچان کرسکیں۔ کہانیوں اور نظموں کے ذریعے فہم اور ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ بھی اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے۔ اس عمر میں طلبا کی سیکھنے کی صلاحیتیں اپنے عروج پر ہوتی ہیں۔ وہ بیک وقت بہت سی مہارتوں کے حصول کی کوشش کررہے ہوتے ہیں۔ یہ کوششیں اگر منظّم اور بتدریج کی جائیں تو بہت مثبت نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

امید ہے کہ اساتذہ کے لیے یہ رہنمائے اساتذہ بہت سی آسانیاں فراہم کرے گی۔ اس کا بغور مطالعہ جماعت میں طلبا کی پڑھنے، لکھنے، سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیتوں کی نشوونما میں بہت مددگار ہوگا۔ انشاء اللہ

# مقاصد برائے درسی کتاب چنبیلی

## سُننا

- غور سے سن سکیں۔ جوابات کے ذریعے اظہار کر سکیں۔
- نئے الفاظ سن کر مطالب و معانی سمجھ سکیں۔ (واقعات کی ترتیب ، حروف تہجی کی آوازیں ، بصری طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ ، نظمیں ، کہانیاں ، ہدایات)
- سن کر سمجھ سکیں اور پہچان سکیں۔

## بولنا

- سُنے ہوئے الفاظ ، نظمیں ، کہانیاں ، واقعات اور ہدایات دہرا سکیں۔
- کسی بھی چیز ، منظر ، واقعہ ، کردار کے بارے میں چند الفاظ یا جملے بول سکیں۔
- حروف کی درست آوازوں کی ادائیگی کر سکیں۔
- دکھائے گئے الفاظ درست تلفظ سے دہرا سکیں۔

## پڑھنا

- شروع ، آخر اور درمیانی آواز کی پہچان کر سکیں۔
- حروف تہجی پہچان کر پڑھ سکیں۔
- بصری طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ بغیر ہجے کیے دیکھ کر پڑھ سکیں۔
- مصوتوں کی پہچان کر سکیں اور ان کی آوازوں کی درست ادائیگی کر سکیں۔
- بنیادی مصوتوں پر مبنی دو ، تین اور چار حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔
- بنیادی مصوتوں اور بصری طریقے سے سکھائے گئے الفاظ پر مبنی جملے پڑھ سکیں۔

## لکھنا

- خاکوں میں رنگ بھر سکیں۔
- عمودی ، ترچھی ، افقی ، دائیں سے بائیں اور بائیں سے دائیں لکیریں بنا سکیں۔
- دائرہ بنا سکیں۔
- نمونہ لکھائی اور کھوکھلے حروف (Hollow letters) میں درست سمت میں لکھ سکیں۔
- حروف تہجی درست بناوٹ سے لکھ سکیں۔
- حروف تہجی ترتیب وار لکھ سکیں۔

- تمام بنیادی مصوّتوں (ا ، و ، ی ، ے) کے ساتھ دو حرفی اور چار حرفی الفاظ لکھ سکیں۔
- سکھائے گئے الفاظ پر مبنی جملے لکھ سکیں۔

## مشاہدہ

- ماحول ، اشیا اور تصاویر کو بغور دیکھ کر کیے گئے سوالات کے جواب دے سکیں۔
- تصویروں کو دیکھ کر اپنے تاثرات کا اظہار کر سکیں۔

## تخلیقی لکھائی

- دیے گئے الفاظ کی مدد سے جملے بنا سکیں۔

## کتب اور مواد:

- اُردو کا گلدستہ ’چنبیلی‘ (نظر ثانی شدہ ایڈیشن)
- معاون کتاب ’تارے‘
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم (نظر ثانی شدہ ایڈیشن)
- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل
- فلیش کارڈز اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

- استعمال کی جانے والی کتب کا پہلے خود اچھی طرح جائزہ لیجیے۔
- کتب میں دی گئی ہدایات برائے اساتذہ بغور پڑھیے۔
- مددگار مواد، مثلاً تراشے (کٹ آؤٹس) کھلونے، حقیقی اشیا، ورک شیٹس، کاپی کا کام پہلے سے تیار رکھیے۔
- جماعت شروع کرتے وقت گزشتہ کاموں کا اعادہ کروائیے۔
- یاد رکھیے کہ پڑھنے کے اہداف، لکھنے کے اہداف کے مقابلے میں بہت بلند ہوتے ہیں، اس لیے پڑھائی کے لیے فلیش کارڈز (صوتی اور بصری) حروف تہجی کے اعادے کے دوران بھی دکھاتے رہیے۔
- کام کی نوعیت، طلبا کے سیکھنے کی صلاحیت اور رفتار کے پیش نظر منصوبہ بندی میں کمی یا زیادتی کی جا سکتی ہے۔
- کتب کے آخر میں دی گئی فرہنگ کا استعمال کرتے ہوئے فلیش کارڈز، املا اور بہت سی سرگرمیاں کروائیے۔
- تصویری تفاہیم کے صفحے مثلاً صفحہ نمبر ۱۲ چنبیلی ''تین دوست'' ہدایات برائے اساتذہ سے کہانی پڑھ کر اچھی طرح کروائیے۔
- کوئی نیا نظریہ مثلاً 'ا' کے ساتھ ملانے کا کام کتاب میں کروانے سے ایک سے ڈیڑھ ہفتہ قبل تختۂ تحریر اور فلیش کارڈز کے ذریعے متعارف کروا دیجیے۔ اس طرح کتاب میں کام کرنا طلبا کے لیے آسان ہو جاتا ہے۔

چنبیلی کے آخر میں دی گئی یہ فرہنگ معلّمین کو اپنی توجہ مرکوز کرنے اور منصوبۂ سبق کے لیے تیاری کرنے میں مدد دے گی۔ اس کے نیچے دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھنا بصری اور صوتی طریقۂ کار کو سمجھنے میں مددگار ہوگا۔

## فرہنگ

بصری طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ

| اعادہ (’کلیاں‘ اور ’گلاب‘ کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ) | | نیا ذخیرۂ الفاظ (پڑھائی) | | | لکھائی |
|---|---|---|---|---|---|
| ’کلیاں‘ | ’گلاب‘ | اللہ | اور | چوہا | یہ |
| زارا | ہے | میرے | بلّی | آگے | وہ |
| علی | ہیں | پیارے | نرم | پیچھے | ہے |
| امّی | کیا | میری | کے | اوپر | ہیں |
| ابّو | کتاب | میرا | پسند | نیچے | میں |
| یہ | گیند | پنسل | نہیں | اندر | گڑیا |
| وہ | کی | بستہ | ناراض | باہر | ہوں |
| | کون | میں | خوش | رنگ | امّی |
| | کہاں | ہوں | شکریہ | آپ | ابّو |
| | لال | ایک | پیلی | تین | رہا |
| | نیلا | گھر | ہری | پانچ | کیا |
| | پیلا | اس | بتّی | | بازار |

ان الفاظ کے فلیش کارڈز کی روزانہ پانچ سے دس منٹ پڑھائی کرائیے۔ ایک وقت میں پانچ سے سات کی تعداد میں فلیش کارڈز دکھایئے۔ فلیش کارڈز کا سائز "8 x "5 رکھیے جن پر بڑے، واضح اور درست بناوٹ سے الفاظ لکھیے یا کمپیوٹر سے پرنٹ آوٹ نکال لیجیے۔ ذخیرۂ الفاظ سے متعلق کتاب کا صفحہ پڑھانے سے کم از کم ایک ہفتہ قبل الفاظ کی فلیش کارڈز سے پڑھائی بچّوں کو کتاب میں موجود ان الفاظ پر مبنی عبارات نظمیں اور کہانیاں خود پڑھنے کا اعتماد بخشے گی۔

صوتی طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ

| ا | | | و | | | ی | | ے | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوحرفی | چارحرفی | تین حرفی | دوحرفی | چارحرفی | تین حرفی | دوحرفی | چارحرفی | دوحرفی | چارحرفی |
| با | بابا | بات | بو | بولو | جوڑ | بی | چابی | بے | تارے |
| جا | دادا | پاس | جو | سوچو | سوچ | جی | پالی | جے | باجے |
| دا | باجا | ناک | دو | ٹوکو | روک | دی | تالی | دے | سارے |
| را | سارا | کام | رو | مانو | گول | ری | گاڑی | رے | کالے |
| سا | کاٹا | نان | سو | پالو | چور | سی | موتی | سے | روتے |
| صا | گانا | سال | صو | جوڑا | روز | صی | ٹوپی | صے | کونے |
| طا | تالا | لال | طو | طوطا | نوٹ | طی | بوری | طے | لوہے |
| عا | تارا | جاگ | عو | توڑو | مزید مشق | عی | پالی | عے | پالے |
| فا | کالا | مزید مشق | فو | موڑو | بول | فی | تازی | کے | جالے |
| کا | چاٹا | پاک | کو | بانو | گود | کی | باسی | لے | ہارے |
| لا | نانا | تار | مو | روکا | شور | لی | جاتی | مے | ناچے |
| ما | جانا | دال | نو | سوچا | موچ | می | بوری | نے | سوچے |
| نا | لانا | چال | ہو | | موم | نی | گولی | ہے | جوڑے |
| ہا | چارا | شام | | | ڈول | ہی | موٹی | | سونے |
| | | صاف | | | روک | | | | |
| | | مان | | | | | | | |

’ی‘ اور ’ے‘ کے تین حرفی الفاظ اس سے اگلے درجے یعنی جماعت اوّل کی کتاب ’موتیا‘ میں سکھائے گئے ہیں۔

ان تمام الفاظ کے علاوہ اسی نوعیّت کے مزید الفاظ حروف ملانے اور الگ کرنے کی مشقوں میں بھی متعارف کرائے گئے ہیں۔ معلّمین بھی یہ ہی طریقۂ کار اختیار کرتے ہوئے انھی آوازوں پر مبنی الفاظ کی عمدگی سے مشق کرائیں۔ یاد رکھیے کہ یہاں ’و‘ کی آواز انگریزی کے ’O‘ جیسی ہے یہاں ’وُ‘ جیسے ’چُوہا‘ جیسے الفاظ شامل نہ کیجیے۔ اسی طرح ’وَ‘ جیسے ’پَودا‘ جیسے الفاظ بھی شامل نہیں ہوں گے۔

فرہنگ برائے ’چنبیلی‘ (نظرِ ثانی شدہ ایڈیشن)

ہر یونٹ کے آخر میں دی گئی 'جانچ' آپ کو طلبا کے معیار کو جاننے اور اپنے پاس نوٹ کر کے کمزور طلبا پر مزید محنت کرنے میں مدد دے گی۔

## لفظ بنائیے

| ر | ل |
| --- | --- |
| چو ← چور | بو ← بول |
| زو ← ____ | تو ← ____ |
| شو ← ____ | گو ← ____ |
| مو ← ____ | مو ← ____ |


'و' کے تین حرفی الفاظ کی جانچ۔
نئے الفاظ 'بلّی ، نرم ، پسند' کی پڑھائی۔

٤٦

OXFORD UNIVERSITY PRESS

اُردو کا گلدستہ 'چنبیلی'

## لفظ بنائیے



| | | |
| --- | --- | --- |
| گو ل (ب، ل) | مو ____ (ج، ر) | کو ____ (ٹ، ن) |
| نو ____ (ک، ع) | چو ____ (ل، ٹ) | زو ____ (ر، س) |

## حروف الگ کیجیے

| | |
| --- | --- |
| گول = گ + و + ل | نوک = ___ + ___ + ___ |
| مور = ___ + ___ + ___ | چوٹ = ___ + ___ + ___ |
| کوٹ = ___ + ___ + ___ | زور = ___ + ___ + ___ |

'و' کے تین حرفی الفاظ بنانا اور الگ کرنا۔
مشق : حروف الگ کیجیے۔ بول ۔ گود ۔ شور ۔ موچ ۔ موم ۔ ڈول ۔ روک۔

٤٧

OXFORD UNIVERSITY PRESS

## مقاصد برائے معاون کتاب 'تارے'

چنبیلی کی طرح 'تارے' میں پڑھنا سکھانے کے لیے بصری اور صوتی طریقۂ کار سے مدد لی گئی ہے۔ کچھ کہانیاں اور نظمیں صوتی طریقے پر مبنی اور کچھ بصری طریقے پر مبنی ہیں مثلاً نظم 'زارا کی مالا' طلبا کو الف کے چار حرفی الفاظ کی مزید مشق دلچسپ انداز میں کروائے گی۔ اس میں استعمال ہونے والے رنگوں کے نام طلبا پچھلے درجے سے ہی بصری طریقے سے سیکھتے آئے ہیں۔

### زارا کی مالا



زارا کی مالا
لال لال مالا



گڑیا کا بالا
پیلا پیلا بالا

صوتی ذخیرۂ الفاظ
بصری ذخیرۂ الفاظ



علی کا باجا
نیلا نیلا باجا

نہ نہ نہ نہ
گانا نہ گانا

OXFORD UNIVERSITY PRESS

۴

معاون کتاب 'تارے'

اسی طرح 'تارے' کی آخر میں دی گئی مشاہداتی رپورٹ بغور پڑھنا معلمین کو اپنے اہداف متعین کرنے میں مددگار ہے۔گزارش ہے کہ یہ نکات ذہن میں رکھتے ہوئے ہر بچے کی الگ رپورٹ بنائی جائے۔

**مشاہداتی رپورٹ برائے معلّم/ معلّمہ** کلید: عمدہ ☐ بہتر ☐ مدد کی ضرورت ☐


- پڑھنے میں دلچسپی ظاہر کرتی/ کرتے ہیں۔ ☐
- کتاب درست طریقے سے پکڑتی / پکڑتے ہیں۔ ☐
- تصاویر بغور دیکھتے اور ان سے پڑھنے میں دلچسپی لیتی / لیتے ہیں۔ ☐
- پڑھتے ہوئے اپنی تصحیح خود کرلیتی/ کرلیتے ہیں۔ ☐
- کہانی کی ترتیب سمجھتی/ سمجھتے ہیں۔ ☐
- مرکزی خیال سمجھتی/ سمجھتے ہیں۔ ☐
- لکھے ہوئے مواد کا ذاتی زندگی سے تعلق پہچانتی / پہچانتے ہیں۔ ☐
- الفاظ کے معانی اور کہانی کے واقعات کا اندازہ لگاتی / لگاتے ہیں۔ ☐
- پڑھ کر فہم و سمجھ کا اظہار تصاویر، چند الفاظ، جملوں (زبان/تحریری) میں کرتی / کرتے ہیں۔ ☐
- سُن اور پڑھ کر دُہراتی / دُہراتے ہیں۔ ☐
- ہر لفظ کی طرف اشارہ کرکے پڑھتی/ پڑھتے ہیں۔ ☐
- 'ا' کے دو، تین اور چار حرفی الفاظ پڑھتی/ پڑھتے ہیں۔ ☐
- 'و' کے دو، تین اور چار حرفی الفاظ پڑھتی/ پڑھتے ہیں۔ ☐
- 'ی' کے دو اور چار حرفی الفاظ پڑھتی/ پڑھتے ہیں۔ ☐
- 'ے' کے دو اور چار حرفی الفاظ پڑھتی/ پڑھتے ہیں۔ ☐
- بنیادی مصوتوں (ا، و، ی، ے) کے الفاظ پر مشتمل جملے پڑھتی/ پڑھتے ہیں۔ ☐
- بصری طریقے سے پڑھائے جانے والے زیادہ تر الفاظ پڑھتی/ پڑھتے ہیں۔ ☐

۵۳ OXFORD UNIVERSITY PRESS

معاون کتاب 'تارے'

## مقاصد برائے اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم (نظرِ ثانی شدہ ایڈیشن)

اُردو لکھنا سکھانے کے ضمن میں بہت زیادہ الجھنیں پائی جاتی ہیں۔ یہ کتاب مستند اور جامع بنائی گئی ہے۔ صفحات کے نیچے دی گئی ہدایات معلمین کی توجہ اور سکھانے میں مدد دینے کے لیے ہیں۔




اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم (نظرِ ثانی شدہ ایڈیشن)

## مقاصد برائے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل

اس قاعدے میں حروفِ تہجی کی پہچان کے لیے صرف الف سے انار سکھانے کے بجائے بہت سے الفاظ ایک منظر میں سمو دیے گئے ہیں اس طرح بچے ایک حرف سے شروع ہونے والا بہت سا ذخیرۂ الفاظ سیکھ لیتے ہیں۔ حروفِ تہجی کی پہچان کے بعد چاروں مصوّتوں کے دو حرفی ، چار حرفی اور تین حرفی الفاظ نیز بصری ذخیرۂ الفاظ بھی سکھایا گیا ہے۔ ہر مصوتے کے تعارف کے بعد مزید مشق کے لیے اس قاعدے سے پڑھائی بہت مفید ثابت ہوتی ہے اور طلبا جلد عبارات پڑھنے پر قادر ہوجاتے ہیں۔





۳۹

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ب+ا | با | پ+ا | پا | ت+ا | تا | ٹ+ا | ٹا | ث+ا | ثا |
| ج+ا | جا | چ+ا | چا | ح+ا | حا | خ+ا | خا | | |
| د+ا | دا | ڈ+ا | ڈا | ذ+ا | ذا | | | | |
| ر+ا | را | ڑ+ا | ڑا | ز+ا | زا | ژ+ا | ژا | | |
| س+ا | سا | ش+ا | شا | ص+ا | صا | ض+ا | ضا | | |
| ط+ا | طا | ظ+ا | ظا | ع+ا | عا | غ+ا | غا | | |
| ف+ا | فا | ق+ا | قا | ک+ا | کا | گ+ا | گا | | |
| ل+ا | لا | م+ا | ما | ن+ا | نا | ہ+ا | ہا | | |

قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل

## اعادہ

### مقاصد:

- طلبا نئی کتاب کے بارے میں جان سکیں اور ان میں پڑھنے کا شوق پیدا ہوسکے۔
- فہرست اور مضامین نیز تصاویر کا جائزہ لے سکیں۔
- پچھلے درجے کی کتاب 'گلاب' کے ذخیرۂ الفاظ اور حروف تہجی کا اعادہ کرسکیں۔
- نقطے، بغیر نقطے اور 'ط' کے حروف پہچان سکیں۔
- مصوّتے پہچان سکیں۔

## تعارف


### مقاصد:

- شرارتی حروف سے متعارف ہوسکیں۔
- بصری طریقۂ تدریس سے سکھائے جانے والے الفاظ کے اعادے کے ساتھ نئے الفاظ: اللہ، میرے، پیارے، دیے، دیں، شکریہ، سے متعارف ہوسکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز، تختۂ تحریر، رنگین پنسلیں
- اُردو کا گلدستہ 'چنبیلی' (نظر ثانی شدہ ایڈیشن) صفحات نمبر ۱ سے ۱۱
- معاون کتاب 'تارے' صفحات نمبر ۲، ۳
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم (نظر ثانی شدہ ایڈیشن) صفحات نمبر ۱، ۲، ۳
- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل صفحات نمبر ۱ سے ۳۸
- فلیش کارڈز اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
- حوالہ جاتی کتاب: 'حروف کی کہانیاں' (برائے حروف تہجی کا اعادہ)

# تختۂ نرم کی تجاویز:




ہمیشہ اسی ترتیب سے لگائیے تاکہ حروف کے خاندانوں اور جوڑوں کا نظریہ واضح ہو سکے۔

لال رنگ سے ہوں تو مناسب ہو گا۔

طلبا کی بنائی ہوئی تصاویر ہاتھ/ پاؤں کے پرنٹ

کچھ حروف کے ساتھ تصویری کارڈ لگائیے۔

نوٹ: تجاویز زیادہ دینے کا مقصد یہ ہے کہ آپ یہ چیزیں اور کام تختۂ نرم پر اپنی منصوبہ بندی کے مطابق لگاتے رہیے۔ ایک وقت میں وہی کام/ فلیش کارڈز/ تصاویر لگائیے جو کام آپ جماعت میں کروا رہے ہوں تاکہ بچوں کو اس سے مدد مل سکے۔

## تعارف

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- اپنا نام اور پسند بتاسکیں۔
- معلّم کے بارے میں جان سکیں اور اس سے مانوس ہوسکیں۔
- جماعت اور اس میں موجود چیزوں کا مشاہدہ کرسکیں۔
- شروع کی آوازوں اور آخر کی آوازوں کا اعادہ کرسکیں۔
- پچھلے درجے کی درسی کتاب 'گلاب' کے ذخیرۂ الفاظ اور تمام حروفِ تہجی کا اعادہ کرسکیں۔
- حمد کے ذخیرۂ الفاظ سے متعارف ہوکر بصری پڑھائی کرسکیں۔
- تمام کتب سے متعارف ہوسکیں:

[چنبیلی ، اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم (نظرِ ثانی شدہ ایڈیشن) ، معاون کتاب: 'تارے' ، قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل]

### مددگار مواد:

- جماعت میں موجود اشیا ، تمام استعمال کی جانے والی کتابیں
- درسی کتاب 'گلاب' (برائے نرسری) اور تمام حروفِ تہجی کے فلیش کارڈز
- 'حمد' کے نئے الفاظ کے فلیش کارڈز

### طریقۂ کار:


- نئی جماعت اور نئے طلبا سے انسیت اور تعلق پیدا کرنے کے لیے اپنا مختصر تعارف کروایئے۔ مثلاً اپنا نام ، پسندیدہ لباس ، پسندیدہ کھانا ، پسندیدہ باتیں مثلاً بچے ہاتھ اٹھا کر اجازت لے کر ہی کوئی کام یا بات کریں ، آپس میں اچھی طرح اخلاق سے رہیں۔ اپنے شوق بتایئے مثلاً مجھے پڑھنے اور پڑھانے کا بہت شوق ہے۔
- اب بچوں کو موقع دیں کہ وہ بھی اپنا نام ، پسندیدہ کھانا ، پسندیدہ کھیل اور اپنا شوق جماعت کے سامنے آ کر بتائیں۔ ہر روز چند بچوں کو موقع دیں تاکہ دو تین دن میں سب کی باری آجائے۔ اسی طرح باتوں باتوں میں جماعت کے قوانین مثلاً باری کا انتظار ، آہستہ آواز میں گفتگو وغیرہ کی وضاحت بھی کردیجیے۔
- تمام کتب کا تعارف اس طرح کروایئے جس سے طلبا میں ان کتب کو پڑھنے کا ذوق اور شوق پیدا ہو۔ تجسس سے 'چنبیلی' کھولیے اور کہیے کہ دیکھیں اس سے ہم کیا کیا سیکھیں گے۔
- جماعت میں موجود اشیا کی جانب توجہ دلایئے ان کے اُردو نام پوچھیے اور بتایئے۔ ان کے ناموں کی شروع کی آوازیں پوچھیے اور بتایئے ، مثلاً دروازہ ، شروع کی آواز 'دَ'

## صوتی طریقے سے پڑھائی:

- حروفِ تہجی کے کارڈز دکھا کر اعادے کے طور پر تمام حروف کے نام اور آوازیں بتائیے اور پوچھیے مثلاً ب دکھائیے اور بتائیے کہ اس حرف کا نام 'بے' ہے اور آواز ہے 'بَ' (مختصر ترین آواز جو کسی لفظ کے آخر میں آنے پر آتی ہے مثلاً کتاب کے آخر میں آنے والی آواز 'بے' کی اصلی آواز ہے۔
- حروف کا ذخیرۂ الفاظ دینے کے لیے قاعدہ پڑھیے سیکھیے حصّہ اوّل صفحات نمبر ۱ سے ۳۸ تک اس ہفتے پڑھاتے رہیے۔


## بصری طریقے سے پڑھائی:


- نرسری کی کتاب 'گلاب' اور معاون کتاب 'غبّارے' کے ذخیرۂ الفاظ کے کارڈز پڑھوائیے۔ بصری طریقے میں مکمل لفظ پڑھایا جاتا ہے ہجے نہیں کی جاتی۔ طلبا مکمل لفظ تصویر کی شکل میں یاد رکھتے ہیں مزید وضاحت کے لیے چنبیلی صفحہ نمبر ۷۹ کی رہنما ہدایات برائے اساتذہ پڑھیے۔
- پچھلے درجے کا ذخیرۂ الفاظ اس پورے ہفتے میں روزانہ پانچ سے سات منٹ پڑھاتے رہنا طلبا کو نئے الفاظ سیکھنے کے لیے تیار کرے گا۔
- 'حمد' کے نئے الفاظ کی بصری پڑھائی بھی شروع کروادیجیے۔ اللہ ، میرے ، پیارے
- معاون کتاب 'تارے' کے الفاظ بھی پڑھائیے۔ دیے ، دیں ، پیاری ، باقی تمام الفاظ 'گلاب' اور 'غبّارے' میں موجود تھے ان ہی کا اعادہ کروانے سے یہ دونوں 'حمد' طلبا خود پڑھنے پر قادر ہوجائیں گے۔
- کھیل کھیل میں حروفِ تہجی کا اعادہ کروائیے۔ حروفِ تہجی کے فلیش کارڈز دکھا کر پڑھانے کے بعد بچوں کے ہاتھوں میں دیجیے اور کہیے کہ جب میں حرف کا نام لوں تو وہ بچہ جس کے ہاتھ میں وہ حرف ہوگا آئے گا اور اس حرف کی آواز بتائے گا۔





- کچھ بچوں کے ہاتھوں میں حروف اور کچھ کے ہاتھوں میں تصویری کارڈ دیجیے۔ حروف کے کارڈ والے بچے ایک طرف اور تصویری کارڈ والے بچے دوسری طرف کھڑے ہوں۔ تالی بجانے پر یا باری باری تصویر والے بچے حرف کے کارڈ والے بچے کے ساتھ اور حرف والے بچے تصویر کے ساتھ جوڑی بنا کر کھڑے ہوجائیں۔ اس طرح طلبا میں شروع کی آواز کا نظریہ واضح کرنے میں آسانی ہوگی۔

۱۔




۲۔




- دری پر کارڈ رکھیے اور بچے نقطے اور 'ط' لگائیں۔



# حمد

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- کتاب 'چنبیلی' کو بغور دیکھ کر سرورق فہرست اور مضامین کے بارے میں مختصراً بات کرسکیں۔
- حمد کا شعر پڑھ سکیں۔
- تصویر کشی کرسکیں۔
- 'اللہ نے ہمیں کیا کیا دیا' اس موضوع پر کی گئی گفتگو میں حصہ لے سکیں۔

## مددگار مواد:

- کتاب 'چنبیلی' کے فلیش کارڈز (حروف تہجی)
- معاون کتاب: 'تارے'
- رہنما ہدایات برائے اساتذہ 'چنبیلی' سے نظم 'حمد'
- کاغذ یا کاپی ، رنگین پنسلیں
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم (نظر ثانی شدہ ایڈیشن) صفحہ نمبر ا

## پیریڈز: ا۔۲

## طریقۂ کار

- تمام سکھائے گئے حروف تہجی کے فلیش کارڈز دکھایئے اور پڑھوایئے۔
- چنبیلی ، کتاب سب کے ہاتھوں میں دیجیے۔ سرورق بغور دیکھنے کے لیے کہیے۔ پوچھیے کیا کیا نظر آرہا ہے ، کون کون سے رنگ نظر آرہے ہیں ، بچہ کیا کررہا ہے ، اندر کے صفحات کا تعارف کروایئے ، اندرونی سرورق ، تعارف اور فہرست کے بارے میں بتایئے۔ بتایئے کہ فہرست ہمارے لیے کس طرح مددگار ہے۔
- صفحہ نمبر ا بغور دیکھنے اور پڑھنے کی کوشش کرنے کے لیے کہیے۔ ہدایات برائے اساتذہ سے حمد پڑھ کر سنایئے۔ پھر بچوں سے دہرانے کے لیے کہیے۔
- کاغذ یا کاپی پر اس حمد میں بیان کی گئی چیزوں کی تصاویر بنوایئے یا حمد کے نیچے دی گئی ہدایت کے مطابق ہاتھ یا پاؤں ٹریس کرکے رنگ بھروایئے۔ 
- دو یا تین دن پہلے سے حمد کے نئے الفاظ کی بصری پڑھائی کروانے سے بچے نئے الفاظ سے مانوس ہوچکے ہوں گے۔ خود پڑھنے کی کوشش کرنے والے بچوں کو شاباش دیجیے۔ اور تمام طلبا کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ حمد کے بنیادی تصور کی وضاحت کیجیے

کہ اللہ تعالیٰ ہم سے بہت پیار کرتے ہیں اس لیے ہمیں پیار کرنے والے امّی ابّو دیے ہیں۔

- طلبا سے اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم (نظر ثانی شدہ ایڈیشن) کا تعارف کروائیے۔ کام کرنے کا شوق پیدا کیجیے۔ تیر کے نشانات بورڈ پر بنا کر وضاحت کیجیے کہ یہ سمت بتانے کے لیے ہیں۔
- شروع کے نقاط سے شروع کرنے کی ہدایات دیجیے طلبا سے ہوا میں 'اللہ' لکھوائیے۔ تختۂ تحریر پر بڑا لکھیے۔ نمونہ لکھائیاں بھی ہوا میں اور بچوں کے سامنے میز پر بنوائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۱ کھلوائیے اللہ کی نعمتوں کی یاد دہانی کرواتے ہوئے بڑے حرف کے اندر درست سمت میں پانچ بار رنگین پنسلوں سے لکھوائیے۔
- نیچے دی گئی نمونہ لکھائیاں بھی تیر کے نشانات کی سمت میں درست طریقے سے بنوائیے۔

## لکھیے ........... (چنبیلی صفحات ۲ ، ۳)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- تمام حروف تہجی کا اعادہ کرسکیں۔
- بصری طریقے سے پچھلی جماعتوں میں سکھائے جانے والے الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- 'چنبیلی' کی 'حمد' کے الفاظ کا اعادہ اورمعاون کتاب: تارے کی 'حمد' کے نئے الفاظ پڑھ سکیں۔
- 'ا' سے 'ے' تک لکھ سکیں۔

### مددگار مواد:


- فلیش کارڈز (پچھلے درجوں میں سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ اور حروف تہجی)
- تختۂ تحریر
- معاون کتاب: 'تارے' صفحات نمبر ۲ اور ۳

### پیریڈز: ۱۔۲

### طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ اور 'حمد' چنبیلی اور تارے کے الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔
- معاون کتاب: 'تارے' کا تعارف کروائیے اس کی تصاویر طلبا کو دیکھنے کا موقع دیجیے۔ پڑھنے کا شوق پیدا کیجیے۔
- 'حمد' کے ذخیرۂ الفاظ کی دو یا تین دن قبل پڑھائی کروائے جانے کے سبب طلبا 'تارے' کی 'حمد' خود پڑھنے کی کوشش کریں گے اور چند طلبا خود پڑھ بھی لیں گے۔

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد بورڈ پر 'ا' سے 'ے' تک درست بناوٹ سے لکھ کر دکھایئے۔ جب آپ لکھیں بچے آپ کے ساتھ ہوا میں لکھ رہے ہوں۔ حروف لکھتے ہوئے ان سے شروع ہونے والی اشیا کے نام بھی لیتے جایئے۔
- چنبیلی کے صفحات پر کام کروایئے۔ اس دوران بچوں کے کام کی نگرانی کیجیے۔
- جو بچے جلدی لکھ لیں ان سے لکھے گئے حروف کے اوپر خالی جگہ میں ان حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر بنوایئے مثلاً:



بچے جو بھی بنائیں آپ ان سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ، اگر 'ب' کے اوپر بنائی گئی تصویر 'ب' ہی سے شروع ہونے والا نام ہے تو آپ کو اندازہ ہوجائے گا کہ اس بچے کو آوازوں کی درست پہچان ہے۔

## لکھیے ........... (چنبیلی صفحہ ۴)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- نقطے ، بغیر نقطے اور 'ط' کے حروف تہجی میں سے چن کر الگ الگ لکھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (حروف تہجی)
- کاپی

### پیریڈ: ۱

### طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے نقطے ، بغیر نقطے اور 'ط' کے حروف کی پڑھائی کروایئے۔
- چنبیلی کا صفحہ نمبر ۴ کھلوایئے کام کا طریقہ سمجھایئے۔ انھیں پچھلے صفحات پر لکھے حروف تہجی دیکھنے کی اجازت دیجیے تاکہ وہ وہاں سے چن کر اس صفحے پر دی گئی جگہ میں لکھ سکیں۔ کام اچھا کرنے پر بچوں کو اسٹار دیجیے۔

- کاپی میں ایک ، دو یا تین نقطے والے حروف الگ کالم بنا کر لکھوایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ب | ت | پ |
| ج | ق | ث |
| خ | | چ |
| ذ | | ژ |
| ز | | ش |
| ض | | |
| ظ | | |
| غ | | |
| ف | | |
| ن | | |

# کاپی میں حروف تہجی کا اعادہ اور مشق

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ اور حروف تہجی پڑھ سکیں اور نقطے ، بغیر نقطے اور 'ط' کے حروف کی پہچان کرسکیں۔
- 'ا' سے 'ے' تک کاپی میں لکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (حروف تہجی)
- کاپی

## پیریڈز: ۱۔۲

## طریقۂ کار:

- حروف تہجی کے فلیش کارڈز بچوں کو پکڑایئے ، تمام بچوں کو ایک ساتھ کھڑا کیجیے پھر نقطوں والے حروف کے بچے ایک جانب ، 'ط' والے حروف کے بچے ، ایک جانب اور بغیر نقطوں والے حروف پکڑے بچے ایک جانب کھڑے کروایئے۔
- آپ حرف کا نام اور آواز بولیے۔ مثلاً : بے ، بَ اور یہ کارڈ پکڑے بچہ ایک جانب آئے ، اسی طرح آپ بچوں کی حروف کی پہچان بھی جانچ لیں گے۔

- کاپی میں 'ا' سے 'ے' تک درست ترتیب اور بناوٹ سے لکھوائیے۔
- لکھیے اور طلبا کو اپنے ساتھ لکھنے کی ہدایت دیجیے۔

مثال: بورڈ پر 'ب' کا خاندان تحریر کیجیے اور طلبا آپ کے ساتھ کاپیوں میں لکھیں۔ بعدازاں رک کر ان کے پاس جا کر مدد کیجیے پہلے سے تیار کردہ کاپی اس کام میں مدد دے گی۔

نمونہ برائے تختۂ تحریر

۱۳-۳-۱۲

ا ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ

د ڈ ذ ر ڑ ز ژ

س ش ص ض ط ظ

ع غ ف ق ک گ

ل م ن و ہ ی ے

شروع میں بچوں کی لکھنے کی رفتار کم ہونے کی صورت میں آدھا کام دوسرے دن بھی کروایا جاسکتا ہے۔

## لکھیے اور رنگ بھریے........... (چنبیلی صفحات ۵، ۶)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- جانچ کا کام خودخوش اسلوبی سے کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجی)

### پیریڈز: ۱-۲

### طریقۂ کار:

- مصوّتوں (ا و ی ے) کے فلیش کارڈز آوازوں سے پڑھائیے۔ دیکھیے رہنما ہدایات برائے اساتذہ چنبیلی۔ صفحہ نمبر ۷۹

- فلیش کارڈز سے حروف کا اعادہ کرواتے ہوئے ان حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے اور بتائیے۔ صفحات کے نیچے دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔
- صفحات پر کام کرواتے ہوئے کوشش کیجیے کہ بچے یہ کام خود ہی کریں۔ کسی کو مدد کی ضرورت ہو تو اشارہ کر دیجیے۔ بورڈ پر صفحہ بناتے ہوئے بھی بچوں سے پوچھتے رہیے۔
- کام کے بعد خود اصلاحی کروائیے۔ آپ بورڈ پر درست حروف تصاویر کے ساتھ لکھ دیں اور بچے نیلی پنسلوں سے اپنا کام خود چیک کریں (✓×) کا نشان لگائیں، غلط ہونے کی صورت میں درست حرف نیلی پنسل سے لکھے گئے حروف کے ساتھ ہی لکھ دیں۔

## خالی جگہ میں حروف لکھیے اور مصوّتوں پر دائرہ بنائیے............ (چنبیلی صفحہ ۷)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کر سکیں اور مصوتوں کے نام اور آوازیں پہچان سکیں۔
- چنبیلی میں خالی جگہ بھرنے اور مصوتوں پر دائرہ بنانے کا کام کر سکیں۔
- کاپی میں 'ا' سے 'ے' تک لکھیں اور دائرہ بنا سکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- کاپی

### پیریڈز: ۱۔۲

### طریقۂ کار:


- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے، گلاب کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ نمبر ۷ تختۂ تحریر پر بنا کر کام سمجھائیے۔ 'ا و ی ے' کی آوازوں کی مشق کے بعد کام کروائیے۔
- 'ا' سے 'ے' تک کاپی میں لکھائی کروانے کے بعد بچے مصوتوں پر دائرہ بنانے کا کام کریں۔ کام نامکمل رہنے کی صورت میں اگلے دن میں مکمل کروائیے۔

## لکھیے ............ (چنبیلی صفحہ ۸)

### مقصد:

- طلبا شرارتی حروف کے بارے میں جان سکیں۔


### مددگار مواد:




- شرارتی حروف کی پُتلیاں

### پیریڈ: ۱

### طریقۂ کار:

- شرارتی حروف کی پُتلیاں بنا لیجیے اور ہلا کر ان کے بارے میں بتائیے۔ مثلاً: 
- میں 'د' ہوں۔ میں اپنے بعد آنے والے حروف سے نہیں ملتی لیکن اپنے سے پہلے آنے والے حروف سے مل جاتی ہوں، مثلاً: دس۔ رب۔ ڈر
- سمجھانے کے بعد صفحہ نمبر ۸ بورڈ پر بنا کر کام کروائیے۔ (رہنما ہدایات برائے اساتذہ 'چنبیلی' کے صفحہ نمبر ۸۰ کا آخری پیراگراف پڑھ لیجیے تا کہ سمجھانے میں آسانی ہو)
- ان کٹ آؤٹس کو گھر لے جانے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

## خالی جگہ میں حروف تہجی لکھیے اور شرارتی نو پر دائرہ بنائیے............(چنبیلی صفحہ ۹)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈ سے 'گلاب' کا ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز 'بصری الفاظ' اور حروف تہجی
- چنبیلی رہنما ہدایات برائے اساتذہ صفحہ نمبر ۹

### پیریڈ: ۱

### طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز حروف تہجی اور ذخیرۂ الفاظ پڑھوایئے۔
- شرارتی حروف کی پُتلیوں کی مدد سے اعادہ کروایئے اور صفحہ نمبر ۹ پر کام کروایئے۔
- فلیش کارڈز سے الفاظ پڑھوایئے۔
- خوشخطی کے صفحات نمبر ۲ اور ۳ کروایئے۔

## پڑھیے اور پہچانیے ، پڑھیے اور ملایئے...........(چنبیلی صفحات ۱۰ ، ۱۱)

### مقصد:

- طلبا فلیش کارڈز سے پڑھائے گئے الفاظ ،چنبیلی صفحات نمبر ۱۰ اور ۱۱ پر پہچان کر ملاسکیں۔

### مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحات نمبر ۱۰ ، ۱۱

### پیریڈز: ۱۔۲

### طریقۂ کار:

- چنبیلی کے صفحات نمبر ۱۰ ، ۱۱ کی پڑھائی کروایئے ، کام کا طریقہ سمجھایئے اور کام کروایئے۔

# یونٹ نمبر ا

## یونٹ کے مقاصد:

- طلبا کو بصری طریقۂ تدریس سے نئے الفاظ سکھانا۔
- کہانی 'تین دوست' سن کر سمجھنے کے قابل بنانا۔
- طلبا میں اُردو کا گلدستہ 'گلاب' کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرنے کی اہلیت پیدا کرنا۔
- چنبیلی کے نئے الفاظ: میری ، پنسل ، بستہ ، میرا کو بذریعہ فلیش کارڈز پڑھنے کے قابل بنانا۔
- معاون کتاب: تارے ( مکڑی ، مکّھی ، نہ ، کیک ، بھالُو ، بندر ، گُم ، اُداس ، یہاں ، وہاں ، دیکھا )
  ان الفاظ پر مبنی کہانیاں اور نظمیں پڑھنے کی اہلیت پیدا کرنا۔
- صوتی طریقۂ تدریس سے مصوّتے 'ا' کے دو حرفی اور چار حرفی الفاظ پڑھنے اور لکھنے کے قابل بنانا۔
- 'ا' کے دو حرفی اور چار حرفی الفاظ کو ملا سکیں اور الگ کر سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز ، تختۂ تحریر ، رنگین پنسلیں ، ماسک (ہرن ، چُوہے اور کوّے کا ماسک )
- اُردو کا گلدستہ 'چنبیلی' ( نظر ثانی شدہ ایڈیشن ) صفحات نمبر ۱۲ سے ۲۵
- معاون کتاب 'تارے' صفحات نمبر ۴ سے ۸
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم ( نظر ثانی شدہ ایڈیشن ) صفحات نمبر ۴ سے ۱۳
- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل صفحات ۳۹ سے ۴۰

## تختۂ نرم کی تجاویز:

یونٹ نمبر ۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


### چھوٹی اشکال

| | | |
|---|---|---|
| ب ٻ | ج جـ | س سـ |
| ص صـ | ع ء | ف ڧ |
| ک ک کا | ل ا ل | م ـمـ ـم |
| ن ں | ہ ھ ـہ | |

### شرارتی حروف

| | | | |
|---|---|---|---|
| دا | ڈا | ذا | |
| را | ڑا | زا | ژا |

تین دوست




### ا کے دو حرفی الفاظ

| | | | |
|---|---|---|---|
| با | جا | سا | صا |
| طا | عا | فا | کا |
| لا | ما | نا | ہا |

### ا کے چار حرفی الفاظ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| با | با | بابا | پا | پا | پاپا |
| چا | چا | چاچا | دا | دا | دادا |

### ذخیرۂ الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| مکڑی | مکھی | کیک |
| | | |

معاون کتاب ’تارے‘ کا ذخیرۂ الفاظ

نوٹ: تجاویز زیادہ دینے کا مقصد یہ ہے کہ آپ یہ چیزیں اور کام تختۂ نرم پر اپنی منصوبہ بندی کے مطابق لگاتے رہیے۔ ایک وقت میں وہی کام/فلیش کارڈز/ تصاویر لگائیے جو کام آپ جماعت میں کروا رہے ہوں تاکہ بچوں کو اس سے مدد مل سکے۔

# دیکھیے اور سنیے............ (چنبیلی صفحہ ۱۲)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- کہانی (تین دوست) سن کر سمجھ سکیں۔
- کہانی کو دہرا سکیں۔

## مددگار مواد:

- کاغذ یا کاپی
- 'چنبیلی' رہنما ہدایات برائے اساتذہ صفحہ نمبر ۸۱

## پیریڈ: ۱

## طریقۂ کار:

- کہانی صفحہ نمبر۸۱ پر دی گئی ہدایات کے مطابق سنایئے اور سمجھایئے اور اس میں دی گئی سرگرمیاں مثلاً اپنے پسندیدہ منظر کی تصویر بنوایئے۔
- توجہ مرکوز رکھیے۔ کہانی کے کردار کون کون سے ہیں۔
- واقعات کی ترتیب کیا تھی ، پہلے کیا ہوا؟ پھر کیا ہوا؟ اور آخر میں کیا ہوا؟
- طلبا سے کہانی دہرانے کے لیے کہیے اور اس دوران اس بات پر توجہ رکھیے کہ وہ کرداروں کے نام اور واقعات کی ترتیب درست بتارہے ہیں۔



۳۹

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ب+ا | با | پ+ا | پا | ت+ا | تا | ٹ+ا | ٹا | ث+ا | ثا |
| ج+ا | جا | چ+ا | چا | ح+ا | حا | خ+ا | خا | | |
| د+ا | دا | ڈ+ا | ڈا | ذ+ا | ذا | | | | |
| ر+ا | را | ڑ+ا | ڑا | ز+ا | زا | ژ+ا | ژا | | |
| س+ا | سا | ش+ا | شا | ص+ا | صا | ض+ا | ضا | | |
| ط+ا | طا | ظ+ا | ظا | ع+ا | عا | غ+ا | غا | | |
| ف+ا | فا | ق+ا | قا | ک+ا | کا | گ+ا | گا | | |
| ل+ا | لا | م+ا | ما | ن+ا | نا | ہ+ا | ہا | | |



قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل

## 'ا' سے ملانا

## مقاصد:

- طلبا مصوتے 'ا' سے ملا کر دو حرفی الفاظ پڑھنا اور لکھنا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل صفحہ نمبر ۳۹
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحات نمبر ۴ اور ۵

## پیریڈز: ۱۔۲

### طریقۂ کار:

- ’ا‘ کا بطور مصوّتہ تعارف ہو چکا ہے طلبا کو رہنمائے ہدایات برائے اساتذہ صفحہ نمبر ۸۱ کی مدد سے تختۂ تحریر پر مختلف حروف کا ملنا سمجھائیے۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر ۳۹ پر موجود دو حرفی الفاظ کی پڑھائی صوتی طریقے سے کروائیے۔
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم کے صفحات نمبر ۴ اور ۵ کا کام بورڈ پر سمجھا کر کروائیے۔

# چھوٹی شکلیں سیکھیے ............ (چنبیلی صفحہ ۱۳)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے نئے الفاظ سیکھ سکیں۔
- ’ب‘ خاندان کی چھوٹی اشکال کے بارے میں جان سکیں۔
- پہلے مصوّتے ’ا‘ کے ساتھ ملانے سے متعارف ہو سکیں۔

### مددگار مواد:


- تختۂ تحریر
- ہدایات برائے اساتذہ صفحہ نمبر ۸۱
- فلیش کارڈز | یہ |، | کون |، | ہے |، | ابّو |، | امّی |، | ہیں |

## پیریڈ: ۱


### طریقۂ کار:

- الف ’ا‘ کا تعارف اعادے کے طور پر دوبارہ کروائیے اور رہنما ہدایات برائے اساتذہ چنبیلی صفحہ نمبر ۸۱ پر موجود طریقے سے ’ا‘ سے ’ب‘ کے خاندان کے ملانے کا اعادہ کروائیے۔
- چھوٹی اشکال بنانے کی مشق ہوا، ریت اور چاک میں درست سمت میں لکھائی کے ذریعے کروائیے۔ تصاویر بھی بنوائیے۔

پ   پـ   ____   ____   ____



- لکھائی کے بعد صفحے کے زیریں جانب دی گئی چھوٹی اشکال حروف سے ملوایئے اور زارا اور علی دونوں کرداروں کے نام کی پہچان کی جانچ کیجیے۔




# 'ب' کے خاندان سے 'ا' ملانا

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ب' کے خاندان کے تمام حروف سے 'ا' ملانا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- کاپی، رنگین چاک (لال اور سفید)
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ٦

## پیریڈز: ا۔۲

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے پانچ منٹ پڑھائی کروانے کے بعد گزشتہ روز کیا گیا چھوٹی اشکال سے 'ا' کو ملانے کے طریقے کا تختۂ تحریر پر اعادہ کیجیے، بڑے حروف لکھنے سے وضاحت ہوتی ہے، مثلاً:



- اسی طرح شروع کے نقاط کے لیے رنگین چاک استعمال کیجیے۔ بتایئے کہ الف اوپر سے نیچے لکھا جاتا ہے لیکن حروف سے ملنے کے بعد نیچے سے اوپر لکھا جائے گا۔
- اُردو خوشخطی میں کام کروانے سے طلبا کو درست لکھنے کی مشق بہت اچھی طرح ہوجائے گی۔

- بعدازاں کاپی میں یہی کام کروایئے۔ جن طلبا کو مشکل درپیش ہو ان سے چاک سے تختۂ تحریر پر یا سلیٹ پر بڑا لکھوانے کے بعد کاپی میں کام کروایئے۔

(کاپی میں کام کا نمونہ) ۱۳-۳-۱۲

| ملایئے اور لکھیے | | | |
|---|---|---|---|
| ب + ا | با | با | با |
| پ + ا | | | |
| ت + ا | | | |
| ٹ + ا | | | |
| ث + ا | | | |

# حروف الگ کیجیے

## مقصد:

- طلبا حروف کو پہچان کر الگ کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
- تختۂ تحریر
- کاپی

## پیریڈز: ۱-۲

## طریقۂ کار:

- کچھ طلبا کے ہاتھ میں دو حرفی الفاظ [با] [پا] [تا] [ٹا] [ثا] کے کارڈز دیجیے اور جماعت سے کہیے کہ پڑھیں۔ بعد میں کچھ طلبا کے ہاتھ میں [ب]، [پ]، [ت]، [ٹ]، [ث] کے کارڈز دیجیے اور کچھ کے ہاتھ میں [ا] الف کے۔ اب باری باری بچوں کو درست ترتیب میں کھڑا کروایئے۔



- تختۂ تحریر پر دو حرفی الفاظ 'با' سے 'ثا' تک بڑے سائز میں لکھیے اور پڑھوائیے۔ طلبا سے پوچھ کر ان کے سامنے حروف الگ لکھ کر دکھائیے اور طلبا کو پہلے سے تیار کاپیوں میں جن میں پہلے سے با ، پا ، تا ، ٹا ، ثا لکھا گیا ہو حروف الگ کر کے لکھنے کی ہدایات دیجیے۔ اپنا لکھا ہوا تختۂ تحریر پر لکھا رہنے دیجیے تا کہ بچوں کو مدد ملتی رہے۔

(تختۂ تحریر کا نمونہ)

| ۱۳-۳-۱۲ | حروف الگ کیجیے |
| --- | --- |
| | با = ب + ا |
| | پا = پ + ا |
| | تا = ت + ا |
| | ٹا = ٹ + ا |
| | ثا = ث + ا |

# چھوٹی شکلیں سیکھیے ، ملائیے دائرہ بنائیے ........... (چنبیلی صفحہ ۱۴)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- طلبا 'ج' کے خاندان کی چھوٹی شکلیں سیکھ سکیں۔
- 'ج' کے خاندان کی چھوٹی شکلیں پہچان کر ملاسکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ پڑھ کر درست لفظ پر دائرہ بناسکیں۔
- نئے ذخیرۂ الفاظ [میری ، میرا ، بستہ ، پنسل] سے مانوس ہوسکیں۔


## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
- تختۂ تحریر
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۷

## پیریڈز: ۱-۲

## طریقۂ کار:

- 'ب' کے خاندان کو الف سے ملانے کی کہانی کی طرح اس کی کہانی بنائیے اور بورڈ پر بڑا 'ج' بنا کر اس کو الف سے ملانے کے لیے شکل کی تبدیلی کے بارے میں بتائیے۔




- ’ج ‘ نے اپنی گولائی ہٹادی اور چھوٹی شکل بنا کر الف سے ملا تو دونوں کی بہت اچھی دوستی ہوگئی۔ اسی طرح ’چ ، ح اور خ ‘ نے کیا۔
- ذخیرۂ الفاظ کا فلیش کارڈز سے اعادہ کروائیے۔
- صفحہ نمبر ۱۴ پر کام کروائیے درست طریقے سے لکھائی پر توجہ رکھیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز کی روزانہ پڑھائی کروانے سے طلبا خود پڑھ کر درست لفظ پر دائرہ بناسکیں گے۔
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۷ پر درست طریقے سے کام کروائیے۔

# ’ج ‘ کے خاندان کو الف سے ملانا اور الگ کرنا

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- ’ج ‘ کے خاندان کو الف سے ملا کر لکھنا اور اس کے حروف الگ کرنا سیکھ سکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ اور نئے الفاظ سے متعارف ہوسکیں۔
- چار حرفی الفاظ سے متعارف ہوسکیں۔




اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم (نظر ثانی شدہ ایڈیشن)

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
- تختۂ تحریر
- کاپی

## پیریڈز: ۱-۲


## طریقۂ کار:

- ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز سے اعادے کے بعد تختۂ تحریر پر ج ، چ ، ح ، خ کی چھوٹی اشکال کا اعادہ کروائیے۔ پھر تختۂ تحریر پر درست لکھ کر طلبا سے کاپی میں نقل کروائیے۔

(تختۂ تحریر کا نمونہ) ۱۳-۳-۱۲

| ملائیے اور لکھیے | | | |
|---|---|---|---|
| ج + ا | جا | جا | جا |
| چ + ا | چا | چا | چا |
| ح + ا | حا | حا | حا |
| خ + ا | خا | خا | خا |


- طلبا کے ہاتھوں میں 'ج ، چ ، ح ، خ ' اور 'الف' کے کارڈز دیجیے۔ کچھ طلبا کے ہاتھوں میں دو حرفی الفاظ کے کارڈز دیجیے اور پھر انھیں ترتیب سے کھڑا کیجیے (جیسے 'با' کے حروف الگ کرنا سکھایا گیا تھا)





- حروف الگ کرنے کا کام کاپی میں کروائیے۔

| ۱۳-۴-۱۳ | حروف الگ کیجیے |
|---|---|
| | جا = ج + ا |
| | چا = چ + ا |
| | حا = ح + ا |
| | خا = خ + ا |


- طلبا کے ہاتھوں میں فلیش کارڈز دیجیے۔




- اب کچھ بچوں کو ساتھ کھڑا کر کے چار حرفی الفاظ طلبا سے بھی پڑھوائیے۔ مثلاً:




مزید مثالیں




نوٹ: جو دو حرفی الفاظ پڑھائے ہیں ان ہی کو ملا کر نئے لفظ بنائیے۔ نئے الفاظ شامل کر کے طلبا کو قطعی طور پر الجھن میں نہ ڈالیے۔

## چھوٹی شکلیں سیکھیے ........... (چنبیلی صفحہ ۱۴)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- نئے ذخیرۂ الفاظ کو پہچان کر پڑھ سکیں۔ (میری ، میرا ، بستہ ، پنسل)
- 'ب' اور 'ج' کے خاندان کے دو حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- شرارتی حروف کے دو حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔ دا ، ڈا ، ذا ، را ، ڑا ، زا ، ژا


## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (ذخیرۂ الفاظ ، الف کے دوحرفی ، چارحرفی الفاظ)
- تختۂ تحریر
- اُردوخوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۸
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ اور نئے الفاظ کا تعارف کروایئے۔

## پیریڈز: ا۔۲

## طریقۂ کار:

- شرارتی حروف کا تعارف جن پتلیوں کے ذریعے کروایا گیا تھا ان ہی کٹ آؤٹس کو دوبارہ استعمال کیجیے اور بتایئے کہ یہ شرارتی حروف 'الف' کے ساتھ ملتے ہوئے الگ رہیں گے مثلاً: دا ، ڈا ، ذا ، را ، ڑا ، زا ، ژا




دا

- خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم کا صفحہ نمبر ۸ کھلوا کر اس کی کچھ پڑھائی کروایئے اور دی گئی ہدایات کے مطابق کام کروایئے۔
- وقت ہونے کی صورت میں کاپی میں 'دا' سے 'را' تک ملایئے اور لکھیے اور حروف الگ کرنے کا کام کروایئے۔

# چھوٹی شکلیں سیکھیے ........... (چنبیلی صفحہ ۱۵)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔
- س ش ، ص ض کی چھوٹی اشکال سیکھ سکیں۔
- جان سکیں کہ شرارتی حروف کی طرح ط ظ بھی اپنی اشکال تبدیل نہیں کرتے۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز ذخیرۂ الفاظ ، سکھائے گئے دوحرفی اور چارحرفی الفاظ ، نئے دوحرفی الفاظ | سا | ، | شا | ، | صا | ، | ضا | ، | طا | ، | ظا |
- تختۂ تحریر

- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۹
- کاپی

(کاپی میں کام کا نمونہ)

| | | | |
|---|---|---|---|
| س + ا | سا | سا | سا |

## پیریڈز: ا۔۲

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- بورڈ پر خوشخطی سلسلہ صفحہ نمبر ۹ پر دیے گئے طریقۂ کار کے مطابق سمجھا کر لکھ کر دکھائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ نمبر ۱۵ بورڈ پر بنا کر کام کا طریقہ سمجھا کر کروائیے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۹ کا کام کروائیے۔
- کاپی میں ملائیے اور لکھیے اور الگ کیجیے کا کام اسی طرح کروائیے جیسے 'ب' اور 'ج' کے خاندان کے ساتھ کروایا گیا تھا۔ سرگرمیاں بھی اسی طرح کروائیے۔

# چھوٹی شکلیں سیکھیے ............ (چنبیلی صفحات ۱۶ ، ۱۷)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- ع ، غ ، ف ، ق ، ک ، گ اور ل کو الف سے ملانا سیکھ سکیں۔
- الگ کرنا سیکھ سکیں۔
- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ اور دو حرفی اور چار حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۱۰
- تختۂ تحریر
- کاپی

## پیریڈز: ۱ـ۲

## طریقۂ کار:

- بصری ذخیرۂ الفاظ ، دو حرفی اور چار حرفی سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر اُردو خوشخطی سلسلہ کے صفحہ نمبر۱۰ پر صفحے کے نیچے دی گئی ہدایات کے مطابق سکھائیے۔
- ہوا میں درست بناوٹ کی مشق کروائیے۔ خیال رکھیے کہ طلبا درست سمت میں اپنے ہاتھوں کو حرکت دے رہے ہوں۔
- ع ، غ ، ف ، ق کی الگ اور ک ، گ اور ل کی الگ وضاحت کیجیے۔
- اُردو خوشخطی کے صفحہ نمبر۱۰ پر کام کروائیے۔
- کاپی میں پہلے ہی کی طرح ملائیے اور لکھیے ، الگ کیجیے کا کام کروائیے۔

(کاپی میں کام کا نمونہ)

| ملائیے اور لکھیے | | | |
|---|---|---|---|
| ع + ا | عا | عا | عا |

| الگ کیجیے |
|---|
| عا = ع + ا |
| غا = غ + ا |

# چھوٹی شکلیں سیکھیے ........... (چنبیلی صفحہ ۱۸)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'م ، ن ، ہ' کی چھوٹی اشکال سیکھ سکیں۔
- دو حرفی اور چار حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔


## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ دوم صفحہ نمبر ۴۰
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۱۱
- کاپی

## پیریڈ: ا

## طریقۂ کار:

- سکھائے گئے دو حرفی الفاظ کو ملا کر نئے چار حرفی الفاظ کی پڑھائی پیریڈ کے شروع کے پانچ منٹ جاری رکھیے۔ سرگرمی کے لیے چار حرفی الفاظ کے تعارف کی سرگرمی ہی دہرائیے۔ بچوں کو دو حرفی کارڈ دے کر کھڑا کروائیے اور پھر ایک ساتھ کھڑا کر کے چار حرفی الفاظ بنوا دیجیے۔




- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے کا صفحہ نمبر ۴۰ پڑھائیے۔
- تختۂ تحریر پر خوشخطی سلسلہ کے صفحہ نمبر ۱۱ نیچے دی گئی ہدایات دہراتے ہوئے چنبیلی کا صفحہ نمبر ۱۸ بنا کر کام کروائیے۔
- کاپی میں سکھائے گئے حروف کی طرح ہی ملائیے اور لکھیے اور الگ کیجیے کا کام کروائیے۔

# ملائیے اور لکھیے ........... (چنبیلی صفحہ ۱۹ ، ۲۰)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ پر مبنی چار حرفی الفاظ بنا سکیں اور پڑھ سکیں۔
- حروف کے تمام خاندانوں کے ایک ایک حرف کو الف کے ساتھ ملا کر خوشخط لکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ دوم صفحہ نمبر ۴۰


## پیریڈز: ا۔۲

### طریقۂ کار:

- نئے اور پرانے فلیش کارڈز دے کر بچوں کو کھڑا کیجیے اور جملوں کی پڑھائی کروائیے۔

| یہ | میری | گیند | ہے | ، | وہ | زارا | کا | بستہ | ہے | ...... |

- دیکھیے کتنے جملے بنتے ہیں۔
- چنبیلی صفحات نمبر ۱۹ ، ۲۰ پر کام کروائیے۔ کام کرواتے ہوئے حروف کی درست بناوٹ کا خیال رکھیے۔ یہ خیال رکھیے کہ بچے پہلے الف نہ بنائیں بلکہ حرف لکھ کر نیچے سے اوپر جائیں۔



وقت ہونے کی صورت میں قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے صفحہ نمبر ۴۰ کا اعادہ کروائیے۔

## الگ کیجیے............ (چنبیلی صفحہ ۲۱)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- نیا ذخیرۂ الفاظ سیکھ سکیں اور سیکھے گئے کو دہرا سکیں۔
- دو حرفی الفاظ میں حروف پہچان کر مکمل شکل میں الگ کر کے لکھ سکیں۔


### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ نمبر ۲۱

### پیریڈ: ۱

### طریقۂ کار:

- تختۂ تحریر پر کام سمجھا کر چنبیلی صفحہ نمبر ۲۱ پر کام کروائیے۔ جن طلبا کو مشکل ہو انھیں سمجھا کر کروائیے۔ اس سے قبل کاپی میں یہ کام کرنے کی وجہ سے مشکل ہونے کے امکانات کم ہیں لیکن ہر بچے کو سمجھانا معلم کا فریضہ ہے۔
- جس طرح کی سرگرمی بچوں کو کارڈ پکڑوا کر کروائی گئی تھی اور حروف ملانا سکھایا گیا تھا اسی طرح الگ کرنا سکھائیے۔



## ملائیے ، الگ کیجیے........... (چنبیلی صفحہ ۲۲)

### مقصد:

- طلبا کو سکھائے گئے تمام نظریات کی جانچ لی جاسکے۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

### پیریڈز: ۱۔۲

(وقت کم ہونے کی صورت میں ایک پیریڈ میں ملائیے کا کام اور دوسرے پیریڈ/ دن الگ کیجیے کا کام بھی کروایا جاسکتا ہے)

### طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد طلبا سے خود کام کرنے کی وضاحت کیجیے کہ یہ کام آپ خود غور سے حروف کو دیکھ کر کریں گے۔ تمام بچوں کے کام کرلینے کے بعد کتب اپنے پاس رکھ کر اپنے ریکارڈ میں لکھیے کہ کس بچے کو کون سے حروف میں مشکل درپیش ہے۔ اگلے دن اصلاح کروایئے اور جو بچے کام نہیں کرپائے ان کی مدد اور کام کی دوبارہ وضاحت کے بعد کام کروایئے۔

## 'ا' کے دوحرفی اور چارحرفی الفاظ پر مبنی نظمیں

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ا' کے دوحرفی اور چارحرفی الفاظ پر مبنی نظمیں خود پڑھ سکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ کی دہرائی کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (رنگوں کے نام ، نئے الفاظ: مکّھی ،مکڑی ، نہ ، کیک ، بندر ، بھالُو)
- تارے صفحات نمبر ۴ ، ۵ ، ۶

### پیریڈز: ۲۔۳

## طریقۂ کار:

- روزانہ بصری ذخیرۂ الفاظ پڑھانے سے طلبا ان الفاظ سے مانوس ہو جاتے ہیں۔
- 'ا' کے چار حرفی الفاظ فلیش کارڈز ، قاعدے اور چنبیلی میں پڑھنے کے بعد یہ تینوں نظمیں زیادہ تر بچے خود پڑھ لیں گے۔ حوصلہ افزائی اور مدد شرط ہے۔
- 'زارا کی مالا' نظم پڑھانے کے بعد طلبا سے ان کے پسندیدہ منظر کی تصویر کشی کروایئے 'تارے' کی رہنما ہدایات برائے اساتذہ سے مزید سرگرمیاں کروایئے۔
- معاون کتاب 'تارے' نظم 'جالا' پڑھوانے کے بعد اُردو خوشخطی سلسلہ کی کتاب کے صفحہ نمبر ۱۳ پر کام کروایئے۔ اس طرح طلبا نظم لکھنے کے طریقے سے بھی متعارف ہوجائیں گے۔

## پڑھیے اور لکھیے ........... (چنبیلی صفحہ ۲۳)

## مقصد:

- طلبا پڑھائے گئے چار حرفی الفاظ لکھنے کی مہارت حاصل کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- کاپی
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۱۲

## پیریڈز: ۱۔۲

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز پڑھانے کے بعد چنبیلی صفحہ نمبر ۲۲ پر کام کروایئے۔ تختۂ تحریر پر پورا صفحہ بنا کر پڑھوانے کے بعد کام کروانا ہمیشہ اچھے نتائج دیتا ہے۔
- بستے اور پنسل میں ، لکھا گیا رنگ بھروایئے۔
- اُردو خوشخطی سلسلہ کے صفحہ نمبر ۱۲ پر کام کروایئے ، خیال رکھیے کہ طلبا جو لکھنا سیکھ رہے ہوں وہ پڑھنے پر پہلے سے قادر ہوچکے ہوں۔
- کاپی میں ملایئے اور لکھیے ، الگ کیجیے کا کام کروایئے۔

# خوشخطی کیجیے

## مقصد:

- طلبا پڑھائے گئے مواد کو لکھنا بھی سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۱۳
- تختۂ تحریر

## پیریڈ: ا

## طریقۂ کار:

- طلبا نظم پڑھ چکے ہیں ان سے نظم لکھنے کا تعارف تختۂ تحریر پر کروائیے۔
- خوشخطی میں کام کروائیے۔
- خیال رکھیے کہ طلبا دی گئی لال سطور کے نشانات پر ہی لکھ رہے ہوں۔

# بستہ کہاں ہے؟

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- طلبا میں پڑھنے کا ذوق وشوق پیدا ہوسکے۔
- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کو استعمال کر کے عبارات پڑھ سکیں۔
- چار حرفی الفاظ پہچان کر ملا سکیں۔

## مددگار مواد:

- تارے صفحات نمبر ۷ ، ۸
- فلیش کارڈز

## پیریڈ: ا

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے نئے الفاظ کی پڑھائی کروانے کے بعد 'تارے' کھلوایئے، طلبا کے خود پڑھنے کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ مدد کیجیے۔
- کہانی کا مفہوم واضح کیجیے۔
- مشق کا کام، تارے کے صفحہ نمبر ۸ پر ہی کروایئے اس طرح طلبا کی 'ا' کے چار حرفی الفاظ کی مزید مشق ہوگی اور آپ جانچ سکیں گے کہ کتنے بچے یہ نظریہ سیکھ گئے۔

# پڑھیے، لفظ بنایئے........... (چنبیلی صفحہ ۲۴)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- طلبا بصری طریقۂ تدریس کے ذریعے الفاظ پڑھنے پر قادر ہوں اور ان الفاظ پر مبنی عبارات پڑھ سکیں۔
- چار حرفی الفاظ بناسکیں۔
- کاپی میں تین لفظی جملے بناسکیں۔

## مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ نمبر ۲۴

## پیریڈز: ا-۲

## طریقۂ کار:

- تختۂ تحریر پر چنبیلی کا صفحہ ہوبہو بنایئے۔ طلبا سے اوپر کی عبارت پڑھنے کے لیے کہیے۔ اگر آپ گزشتہ دنوں میں پابندی سے ان الفاظ کے فلیش کارڈز پڑھاتے رہے ہیں تو 90% جماعت اس عبارت کو خود پڑھ لے گی۔ جو نہیں پڑھ پائیں ان کی مدد کیجیے۔
- صفحے کے زیریں جانب دیے گئے جالے کے ذریعے نئے الفاظ بنوایئے۔
- کاپی میں چار حرفی الفاظ کے جملے بنوایئے۔
- پہلی بار جملے بنائے جارہے ہیں لہٰذا طلبا سے پوچھ کر جملے بورڈ پر لکھیے جن کو وہ اپنی کاپی میں نقل کریں۔

دارا چارا لانا ، بابا تالا لانا ، جانا زارا جانا

# لفظ بنائیے............ (چنبیلی صفحہ ۲۵)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- چار حرفی الفاظ بناسکیں۔
- چار حرفی الفاظ کے حروف پہچان کر مکمل شکل میں الگ الگ لکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- کاپی
- چنبیلی صفحہ نمبر ۲۵

## پیریڈز: ا۔۲

## طریقۂ کار:

- چار حرفی الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- چنبیلی کا صفحہ تختۂ تحریر پر آدھا لکھیے۔ (ملایئے) کام سمجھایئے ، کروانے کے بعد دوسرا حصہ تختۂ تحریر پر لکھ کر الگ کرنے کا کام کروایئے۔ ایک ساتھ دونوں کام کروانے سے بچوں کو مشکل درپیش ہوسکتی ہے۔
- اسی طرح کچھ منتخب چار حرفی الفاظ ملانے اور الگ کرنے کا کام کاپی میں بھی کروایئے۔
- کام کے دوران کچھ بچوں کو مدد کی ضرورت ہوگی ان کی انفرادی طور پر مدد کیجیے۔


## یونٹ کے مقاصد:

- طلبا کو بصری طریقۂ تدریس سے نئے الفاظ سکھانا۔
- کچھوا اور مرغابیاں ، چنبیلی ، کہانی سن کر سمجھنے کی اہلیت پیدا کرنا۔
- طلبا میں نظم 'میری کار' سن کر سمجھنے اور دہرانے اور اس کی سرگرمیاں کرنے کی اہلیت پیدا کرنا۔
- اُردو کا گلدستہ 'چنبیلی' کا نیا ذخیرۂ الفاظ 'میں ، ہوں' کی پڑھائی کرنے کے قابل بنانا۔
- معاون کتابِ: تارے کا نیا ذخیرۂ الفاظ: پیارا ، محمد ﷺ ، صبح ، سلام ، منھ دھولو ، دانت ، کرلو ، نہیں ، ابھی ، دیکھا ، گیا ، (کہانی: مانو کو دیکھو) ، ڈاکٹر ، اُستاد ، خلا باز ، ہوا باز ، فوجی ، فٹ بالر (کہانی: میں کون ہوں) ، پاکستان (نظم: پاکستان)
- صوتی طریقۂ تدریس سے مصوتے 'ا' کے تین حرفی الفاظ پڑھنا اور لکھنا سیکھنے کے قابل بنانا۔
- مصوتے 'ا' کے تین حرفی الفاظ کے حروف ملانا اور الگ کرنا سکھانا۔
- 'ا' کے تین حرفی الفاظ کے جملے نقل کرنے کے قابل بنانا۔
- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ 'یہ ، ہے ، ہیں ، میں' کو لکھنا سیکھنے کے قابل بنانا۔

## مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز
- رنگین پنسلیں
- A4 سائز کاغذ
- مرغابیوں اور کچھوے کے کٹ آؤٹس
- مختلف پیشوں سے متعلق ماسک (فوجی ، ہوا باز ، ......)
- اُردو کا گلدستہ 'چنبیلی' (نظر ثانی شدہ ایڈیشن) صفحات نمبر ۲۶ سے ۳۲
- معاون کتاب: تارے صفحات نمبر۹ سے ۱۶
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم (نظر ثانی شدہ ایڈیشن) صفحات نمبر ۱۴ سے ۱۷
- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل صفحہ نمبر ۱۴
- فلیش کارڈز اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

## تختۂ نرم کی تجاویز:




نوٹ: تجاویز زیادہ دینے کا مقصد یہ ہے کہ آپ یہ چیزیں اور کام تختۂ نرم پر اپنی منصوبہ بندی کے مطابق لگاتے رہیے۔ ایک وقت میں وہی کام/فلیش کارڈز/ تصاویر لگائیے جو کام آپ جماعت میں کروا رہے ہوں تاکہ بچوں کو اس سے مدد مل سکے۔

# دیکھیے اور سنیے۔ کہانی 'کچھوا اور مرغابیاں'............ (چنبیلی صفحہ ۲۶)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- کہانی سن کر سمجھ سکیں۔
- کہانی سن کر دہرا سکیں۔
- سوالوں کے جواب دے سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- رہنما ہدایات برائے اساتذہ چنبیلی صفحہ نمبر ۸۴

## پیریڈز: ۱۔۲

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز پڑھائیے۔
- چنبیلی کے صفحہ ۲۶ سے 'کچھوا اور مرغابیاں' کہانی سنائیے۔
- کہانی سناتے وقت بچوں کو دری پر اپنے ساتھ بٹھائیے۔ کہانی کی تصویریں دکھاتے رہیے۔
- بچوں سے کہانی دہرانے کے لیے کہیے۔
- سوالات کیجیے۔ کہانی میں کون کون تھا؟ مرغابیاں نیچے کیوں اتریں؟ کچھوا کیا سوچ رہا تھا؟ کچھوے کو کب بہت مزہ آ رہا تھا؟ کچھوے کو غصہ کیوں آیا؟ وہ کیسے گرا؟ غصہ کرنے سے کیا ہوتا ہے؟ جوابات دینے میں بچوں کی مدد کیجیے۔
- تصاویر میں رنگ بھروائیے۔
- طلبا سے کہانی کے پسندیدہ حصے کی تصویریں کاغذ یا کاپی پر بنوائیے اور رنگ بھی بھروائیے۔
- کاپی/ کاغذ پر کہانی کا عنوان آپ لکھ کر دیجیے۔

# 'ا' کے تین حرفی الفاظ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- الف کے تین حرفی الفاظ سے متعارف ہوسکیں۔
- سکھائے گئے الفاظ استعمال کر کے کہانی پڑھ سکیں۔


## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (ذخیرۂ الفاظ اور تین حرفی 'ا' کے الفاظ)
- تارے صفحات نمبر ۱۰ اور ۱۱
- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل صفحہ نمبر ۴۱

## پیریڈز: ۲-۳

## طریقۂ کار:

- کہانی 'مانو کو دیکھو' کے نئے الفاظ، فلیش کارڈز سے پڑھائیے۔ (منھ، دانت، دھولو، ابھی، گیا)
- دو اور چار حرفی الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔ (اعادہ)
- تختۂ تحریر پر لکھ کر تین حرفی الفاظ کا تعارف کروائیے۔




- قاعدے سے صفحہ نمبر ۴۱ پڑھائیے تا کہ طلبا کو تین حرفی الفاظ کی اچھی طرح مشق ہوجائے۔
- 'تارے' کی کہانی زیادہ تر تین حرفی الفاظ پر مشتمل ہے مثلاً: صاف، کان، ناک، بال، بات پڑھوائیے۔ مفہوم واضح کیجیے کہ ہم سب کو صاف رہنا چاہیے۔
- بنیادی مہارت کے حصول یعنی خود پڑھنے کو یقینی بنائیے۔

# پڑھیے اور لکھیے ........... (چنبیلی صفحہ ۲۷)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے چار حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔
- 'ا' کے تین حرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔


## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (چار حرفی الفاظ)
- تختۂ تحریر
- خوشخطی صفحہ نمبر ۱۴

## پیریڈز: ۲۔۳

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر لکھ کر تین حرفی الفاظ کا اعادہ کروائیے۔




- اسی طرح پا، جا، کا، ما، نا، لا کے ساتھ مختلف حروف ملا کر پڑھائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ نمبر ۲۷ کھلوائیے۔ آوازوں سے پڑھوائیے۔ بورڈ پر پورا صفحہ لکھیے۔ بچے ساتھ ساتھ پڑھتے رہیں۔ درست طریقے سے کتاب میں الفاظ لکھوائیے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۱۴ کا کام کروائیے۔ وقت کی کمی کی صورت میں یہ کام گھر کے لیے بھی دیا جاسکتا ہے۔

- صفحے کے نیچے لکھا گیا مشق کا کام کاپی میں کروایئے۔ کالمز بنا کر دیجیے۔

| تاریخ | خوشخطی | | |
|---|---|---|---|
| | پاک | | |
| | تار | | |
| | دال | | |
| | چال | | |
| | شام | | |
| | صاف | | |
| | مان | | |

## پڑھیے ، لفظ بنایئے ........... (چنبیلی صفحہ ۲۸)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- پڑھائے گئے دو حرفی اور تین حرفی الفاظ پر بصری طریقے سے سکھایا گیا ذخیرۂ الفاظ جملوں کی شکل میں پڑھ سکیں۔
- الف کے ساتھ تین حرفی الفاظ بنا سکیں۔

### مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ نمبر ۲۸
- معاون کتاب 'تارے' کی کہانی 'میں کون ہوں' کے (نئے الفاظ) فلیش کارڈز

### پیریڈز: ۱۔۲

### طریقۂ کار:

- طلبا سے کتاب کھلوا کر باری باری دیے گئے جملے پڑھوایئے۔ نیچے دیے گئے جملے 'کون چار سال کا ہے؟'، 'کون سات سال کی ہے؟' طلبا خود پڑھیں اور دیے گئے خانوں سے لفظ چن کر ملائیں یا ✓ کریں۔
- تختۂ تحریر پر لفظ بنایئے کا کام ہو بہو بنا کر سمجھایئے اور کتاب میں کروایئے۔

## لفظ بنایئے ، حروف الگ کیجیے............ (چنبیلی صفحہ ۲۹)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- تین حرفی الفاظ بنا سکیں۔
- حروف پہچان کر الگ کر سکیں۔

### مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- رنگین پنسلیں
- معاون کتاب: تارے ، کہانی 'میں کون ہوں' کے فلیش کارڈز

### پیریڈ: ۱

### طریقۂ کار:

- طلبا کو پہلے لفظ بنایئے کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر ایک مثال سمجھا کر واضح کیجیے۔ یہ کام کروانے کے بعد تصاویر میں رنگ بھی بھروایئے اور طلبا سے ان کے بنائے ہوئے الفاظ پڑھوایئے۔ جن بچوں نے غلط بنائے ہوں انھیں سمجھا کر صحیح کروایئے۔
- حروف الگ کرنے کا کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروایئے۔

## پڑھیے اور لکھیے............ (چنبیلی صفحہ ۳۰)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'یہ' اور 'ہے' لکھنا سیکھ سکیں۔
- ان الفاظ کے جملے 'ا' کے تین حرفی الفاظ کے ساتھ بنا سکیں۔

### مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- خوشخطی صفحات نمبر ۱۵ ، ۱۶

- معاون کتاب: تارے، کہانی 'میں کون ہوں' کے فلیش کارڈز

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- طلبا 'یہ' اور 'ہے' کی پہچان رکھتے ہیں کیونکہ گزشتہ تینوں درجوں میں یہ الفاظ بصری پڑھائی میں شامل رکھے گئے ہیں۔ چنبیلی کا یہ صفحہ پہلے طلبا سے پڑھوائیے۔
- تختۂ تحریر پر 'یہ' لکھیے اور طلبا سے ہوا میں دو انگلیوں کی حرکت سے صحیح بنوائیے۔ اسی طرح 'ہے' سکھائیے۔ تختۂ تحریر پر پورا صفحہ بنا کر لکھائی کے طریقے کی وضاحت کیجیے۔ طلبا سے کام کرواتے وقت نگرانی کیجیے کہ وہ درست لکھ رہے ہوں۔
- خوشخطی صفحات نمبر ۱۵ اور ۱۶ میں کام کروائیے۔ وقت کی کمی کی صورت میں ایک صفحہ گھر کے کام میں دیجیے۔
- مشق کا کام کاپی میں کروائیے۔
- طلبا جملے بنا کر اس کے سامنے تصاویر بھی بنائیں اور رنگ بھریں مثلاً: یہ ہار ہے۔

# پڑھیے اور لکھیے ........... (چنبیلی صفحہ ۳۱)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- بصری طریقے سے پڑھائے جانے والے الفاظ 'ہیں' اور 'میں' کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔
- ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کر کے لکھ سکیں۔
- اپنا نام لکھنا سیکھ سکیں۔

## پیریڈز: ۲

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز نئے الفاظ: کیا ، اور ، گھر ، اس ، میں
- تختۂ تحریر
- اُردو خوشخطی صفحہ نمبر ۱۷
- رنگین پنسلیں

## طریقۂ کار:

- صفحہ نمبر ۳۰ ہی کی طرح اس صفحے کا کام بھی کروایئے۔ پہلے پڑھائی اور پھر لکھنے سے قبل ہوا میں درست بناوٹ سے لکھنا سکھایئے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۱۷ کا کام کروایئے۔
- کاپی میں بچوں کے ناموں کی مشق کروایئے۔
- وقت ہونے کی صورت میں A4 سائز کاغذ پر ان کے نام اور ان کی بنائی ہوئی ان کی اپنی تصویر بھی بنوا کر گھر بھیجی جاسکتی ہے۔

# کہانی 'میں کون ہوں؟'

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- بصری طریقۂ تدریس سے سکھائے گئے الفاظ پر مبنی کہانی پڑھ سکیں۔
- تصاویر سے معنی اور اشارے اخذ کر سکیں۔
- مشاہدے کی صلاحیتوں کو فروغ دے سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- کاپی/ A4 سائز کاغذ
- معاون کتاب: تارے صفحات نمبر ۱۲ تا ۱۵

## پیریڈز: ۱۔۲

## طریقۂ کار:

- طلبا سے کتابیں کھول کر کہانی 'میں کون ہوں' دیکھنے کے لیے ہدایت دیجیے۔ صفحات پلٹنے میں مدد دیجیے۔
- پڑھوایئے، خود پڑھ کر سنایئے۔ پھر طلبا سے کہیے کہ وہ پڑھیں۔ اس وقت مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔ اگر آپ نے گزشتہ دنوں اس کہانی کے فلیش کارڈ پانچ منٹ پڑھائے ہوں تو اچھے نتائج کی توقع رکھیے۔
- واضح کیجیے کہ یہ سارے پیشے بہت اچھے ہیں۔
- کہانی کا ڈراما کروایئے۔

# نظم: پاکستان

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- تین حرفی الفاظ اور بصری ذخیرۂ الفاظ پر مبنی نظم خود پڑھ سکیں۔
- مشق کا کام کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- تارے صفحات نمبر ۱۶ ، ۱۷

## پیریڈز: ۱۔۲

## طریقۂ کار:

- اس سے قبل ان فلیش کارڈز کو پڑھائے جانے سے طلبا بآسانی نظم پڑھ سکیں گے۔ طلبا لفظ پاکستان کے علاوہ تمام الفاظ بار بار پڑھ چکے ہیں۔
- سرگرمی کے طور پر جھنڈا بنوایئے۔
- مشق کا کام کروایئے۔

# دیکھیے اور سُنیے۔ نظم 'میری کار'............ (صفحہ ۳۲)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- نظم سن کر سمجھ سکیں۔
- نظم کا مزہ لے سکیں۔
- اپنی ذات سے تعلق بنا سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- رہنما ہدایات برائے اساتذہ صفحہ نمبر ۸۵
- گتے کے ٹکڑے یا A4 کاغذ یا کاپی۔

## پیریڈز: ۱۔۲

## طریقۂ کار:

- نئے الفاظ پڑھائیے [ کیا ، اور ، گھر ، اس ، میں]
- بچوں سے ان کے کھلونوں کے بارے میں بات کیجیے۔
- بورڈ پر نظم کا عنوان لکھیے۔
- بچوں سے نظم دہرانے کے لیے کہیے۔
- سوالات کیجیے۔ آپ کس چیز سے کھیلتے ہیں؟ وہ اگر ٹوٹ جائے تو کون جوڑتا ہے؟
- رہنما ہدایات برائے اساتذہ سے نظم پڑھ کر سنائیے اور دہرا کر یاد کروائیے۔
- طلبا سے ان کے کھلونوں کی تصاویر A4 کاغذ یا کاپی پر بنوائیے طلبا سے پوچھ کر ان کے عنوانات تحریر کردیجیے ، مثلاً میری گڑیا ، میرا بھالو وغیرہ۔


## یونٹ کے مقاصد:

- طلبا کو بصری طریقۂ تدریس سے نئے الفاظ سکھانا۔
- کیا ، اور ، گھر ، اس ، میں ، میرا ، رہا (چنبیلی)
- بستر ، کُرسیاں ، جُھولا ، کھڑکی ، دروازہ ، عبداللہ ، گاؤں ، ایّا ایّا یو ، یہاں ، وہاں ، بکری ، مَیں مَیں ، بطخ ، قَیں قَیں ، گائے ، مُو مُو (اعادہ معاون کتاب: تارے)
- صوتی طریقۂ تدریس سے مصوتے 'و' کے دو حرفی اور چار حرفی الفاظ پڑھنا اور لکھنا سکھانا۔
- 'او' اور 'وا' کے چار حرفی الفاظ کے جملے نقل کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز ، تختۂ تحریر ، رنگین پنسلیں
- ماسک (گائے ، بطخ ، بکری)
- پُتلیاں (امّی ، ابّو ، زارا اور علی)
- اُردو کا گلدستہ 'چنبیلی' صفحات نمبر ۳۳ سے ۴۳
- معاون کتاب: تارے صفحات نمبر ۱۸ سے ۲۴
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم (نظر ثانی شدہ ایڈیشن) صفحات نمبر ۱۸ سے ۲۶
- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل صفحات نمبر ۴۲ سے ۴۳
- فلیش کارڈز اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

## تختۂ نرم کی تجاویز:




نوٹ: تجاویز زیادہ دینے کا مقصد یہ ہے کہ آپ یہ چیزیں اور کام تختۂ نرم پر اپنی منصوبہ بندی کے مطابق لگاتے رہیے۔ ایک وقت میں وہی کام/فلیش کارڈز/ تصاویر لگائیے جو کام آپ جماعت میں کروا رہے ہوں تا کہ بچوں کو اس سے مدد مل سکے۔

# پڑھیے............ (چنبیلی صفحہ ۴۳)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- بصری طریقے سے پڑھائے گئے الفاظ جملوں کی شکل میں پڑھ سکیں۔
- میں ، ہے ، اور کا نظریہ جان سکیں۔
- اپنے گھر کی تصویر کشی کرسکیں۔

## مددگار مواد:


- فلیش کارڈز ( گھر ، بستر ، کُرسیاں ، جُھولا ، کھڑکی ، دروازہ ۔کتاب: تارے صفحہ نمبر۱۷)
- تختۂ تحریر
- رہنما ہدایات برائے اساتذہ صفحہ نمبر۸۲
- کاغذ (ہر بچے کے لیے اپنے گھر کی تصویر بنانے کے لیے)

## پیریڈز: ۱۔۲


## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے سکھائے گئے الفاظ کا اعادہ طلبا کو یہ صفحہ پڑھنے میں آسانی فراہم کرے گا۔
- صفحے کے اوپر کی جانب دی گئی تصاویر اور الفاظ پڑھوایئے۔


مثلاً:




قلم ہاتھ میں ہے۔




دودھ بوتل میں ہے۔



طوطا پنجرے میں ہے۔



اور



بچوں سے پڑھوایئے

بلّا اور گیند

- یاد رہے کہ یہ سرگرمی صرف تصویروں اور الفاظ کی پہچان اور پڑھائی کے لیے ہے۔
- ایک گھر کے عنوان کے تحت دیے گئے جملے طلبا کو خود سے پڑھنے کے لیے کہیے۔ خاموشی سے بچے پڑھیں۔ پھر آپ باری باری ہر بچے سے پڑھوایئے اگر ممکن ہو تو چھوٹے گروپ میں پڑھائی کروایئے تاکہ آپ جان سکیں کہ کون سے بچے خود پڑھنے کی کوشش کررہے ہیں۔
- طلبا سے ان کے گھر کی تصاویر بنوایئے۔

- فلیش کارڈز پڑھایئے۔
- تارے صفحہ نمبر ۲۰ کھولنے کی ہدایت دے کر اس کی عبارت پڑھوایئے۔

## 'و' سے ملانا

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:


- 'و' کے ساتھ حروف تہجی ملا کر پڑھ سکیں۔
- حروف کی درست بناوٹ کے ساتھ 'و' سے ملا کر لکھنا سیکھ سکیں۔
- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز ، قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اول صفحہ نمبر ۴۲
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۱۸

### پیریڈز: ۲۔۳

### طریقۂ کار:

- طلبا 'و' کی آواز سے متعارف ہو چکے ہیں۔
- بورڈ پر بڑا  بنا کر دوبارہ آواز بتایئے۔
- بتایئے کہ حروف اس سے ملتے ہوئے مختلف شکل بناتے ہیں اور 'و' کے اوپر سے ملتے ہیں جبکہ الف سے ملتے ہوئے وہ لائن پر رہتے تھے۔

ب + و = بو

- تعارف کے بعد قاعدے سے پڑھائی کروایئے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۱۸ کا کام سمجھا کر عمدگی سے کروایئے۔
- تمام حروف سے ملی ہوئی ایک ایک مثال کروانے سے طلبا کو آگے دیے گئے کاموں میں آسانی ہوگی۔

## 'و' سے ملانا

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:
- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'ب' کے خاندان کو 'و' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- 'ب' کے خاندان کو 'و' سے الگ کرنا سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل صفحہ نمبر ۴۲
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۱۹
- کاپی

### پیریڈز: ۲۔۳

### طریقۂ کار:

- جو بچے کل نہیں پڑھ پائے ان سے آج قاعدے میں سے پڑھائی کروائیے۔
- خوشخطی کا کام تختۂ تحریر پر درست طریقے سے سمجھا کر کروائیے۔ (دیکھیے خوشخطی کے صفحے کے نیچے لکھی گئی ہدایات)

کاپی میں خوشخطی کروائیے: ۱۳۔۴۔۱۲

| | خوشخطی | | | |
|---|---|---|---|---|
| ب + و | بو | بو | بو | |
| پ | | | | |

- حروف الگ کرنے کا کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر اسی طریقے سے کروائیے جس طرح 'ا' سے الگ کرنا سکھایا گیا تھا۔

## 'و' سے ملانا

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:
- 'ج' کے خاندان سے 'و' کو ملانا سیکھ سکیں۔

- حروف الگ کر سکیں۔

## مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۲۰
- کاپی

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- خوشخطی کی کتاب کے نیچے دی گئی ہدایات کے مطابق 'ج' سے ملانا سکھایئے اور خوشخطی میں کام کروایئے۔
- کاپی میں ملایئے اور لکھیے کا کام دیے گئے طریقے ہی سے کروایئے۔
- حروف الگ کرنے کا کام بھی اسی طرح کاپی میں کروایئے جیسے 'ب' کے خاندان کے لیے کروایا گیا تھا۔

# 'و' سے ملانا

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- شرارتی حروف 'و' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- 'و' کے چار حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- شرارتی حروف کی پُتلیاں
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۲۱
- کاپی

## پیریڈز: ۲۔۳

## طریقۂ کار:

- شرارتی حروف کا اعادہ پُتلیوں کے ذریعے کروایئے۔

- 'و' کے ساتھ ملا کر دکھایئے ، بچوں کے ہاتھوں میں (ایک بچہ پُتلی پکڑے ہو دوسرا و کا فلیش کارڈ) دے کر کروایئے۔
- کاپی میں 'ملایئے اور لکھیے' کا کام کروایئے۔
- وقت ہونے کی صورت میں کاپی میں حروف الگ کرنے کا کام کروایئے۔

## 'و' سے ملانا

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- س ش ، ص ض ، ط ظ ، 'و' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- حروف الگ کرسکیں۔
- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۲۲
- کاپی

### پیریڈز: ۲۔۳

### طریقۂ کار:

- شوشوں کی گنتی کے ساتھ 'و' کے ساتھ ملانا تختۂ تحریر پر سکھایئے۔
- خوشخطی میں کام سمجھا کر کروایئے۔
- کاپی میں 'ملایئے اور لکھیے' کا کام کروایئے۔
- کاپی میں الگ کرنے کا کام کروایئے۔

# 'و' سے ملانا

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- ع غ، ف ق، ک گ کو 'و' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- ان ملے ہوئے حروف کو الگ کرنا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۲۳
- کاپی

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- تختۂ تحریر پر عمدگی سے تحریر کر کے سمجھا کر خوشخطی کا کام کروایئے۔
- کاپی میں 'ملایئے اور لکھیے' کا کام کروایئے۔
- کاپی میں الگ کرنے کا کام کروایئے۔

# 'و' سے ملانا

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- ل، م، ن، ہ، ی کو 'و' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- ملے ہوئے الفاظ الگ کر سکیں۔
- 'و' کے چار حرفی الفاظ پڑھنا سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۲۴
- کاپی

### پیریڈز: ۲

### طریقۂ کار:

- چارحرفی الفاظ کے فلیش کارڈز پڑھوایئے۔
- خوشخطی کے صفحے کے زیریں جانب دی گئی ہدایات غور سے پڑھ کر طلبا کو تختۂ تحریر پر ان حروف کو ’و‘ سے ملانا سکھایئے۔
- کاپی میں ’ملایئے اور لکھیے‘ کا کام کروایئے۔
- کاپی میں حروف الگ کرنے کا کام کروایئے۔

## ’و‘ کے دوحرفی الفاظ کا اعادہ کرنا........... (چنبیلی صفحات ۳۴، ۳۵)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- ’و‘ کے چارحرفی الفاظ پڑھنا سیکھ سکیں۔
- ’و‘ کے تمام حروف کے دوحرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔
- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔

### پیریڈز: ۲

### مددگار مواد:

- قاعدہ پڑھیے سیکھیے حصّہ اوّل صفحہ نمبر ۴۶
- چنبیلی صفحات نمبر ۳۴، ۳۵

### طریقۂ کار:

- تمام دوحرفی الفاظ کی دہرائی کروایئے۔ وقت ہو تو قاعدے سے پڑھائی کروایئے۔
- چنبیلی کے دونوں صفحات کروایئے۔
- نگرانی کے دوران درست بناوٹ کا خیال رکھیے اور دیکھیے کہ سب بچے یہ دوحرفی الفاظ پڑھنے پر قادر ہوں۔

## الگ کیجیے............ (چنبیلی صفحہ ۳۶)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- حروف پہچان کر الگ کر سکیں۔
- 'و' کے چار حرفی الفاظ سے متعارف ہوسکیں۔

### مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- قاعدہ پڑھیے سیکھیے حصّہ اوّل صفحہ نمبر ۴۳ ،چنبیلی صفحہ نمبر ۳۶

### پیریڈ: ۱

### طریقۂ کار:

- طلبا اس سے قبل کاپی میں کام کرلینے کے باعث اس کام کو آسانی کرلیں گے۔ جن بچوں کو مشکل ہو ان کی مدد کیجیے۔
- لکھائی کے کام سے قبل طلبا سے بورڈ پر 'و' کے چار حرفی الفاظ کا تعارف کروایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر ۴۳ پڑھایئے۔

## ملایئے۔ الگ کیجیے............ (چنبیلی صفحہ ۳۷)

### مقصد:

- طلبا کی جانچ لی جاسکے۔

### مددگار مواد:

- تختۂ تحریر

## پیریڈ : ۱

### طریقۂ کار:

- تختۂ تحریر پر پہلے 'ملایئے' کا کام سمجھایئے اور چنبیلی میں کام کروایئے۔
- وقت ہونے کی صورت میں اسی دن ورنہ دوسرے پیریڈ میں الگ کیجیے کا کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروایئے۔

## توڑو نہیں موڑو............('تارے' صفحہ ۱۸ ، ۱۹)

### مقصد:

- طلبا سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ اور 'و' کے چار حرفی الفاظ نظم کی صورت میں پڑھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- تارے صفحات نمبر ۱۸ ، ۱۹
- A4 سائز کاغذ یا کاپی

## پیریڈ : ۱

### طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے الفاظ کا اعادہ کروانے کے بعد کتابیں کھلوایئے۔ طلبا کو خود پڑھنے کی کوشش کرنے دیجیے۔ بعدازاں خود پڑھ کر سنایئے پھر انفرادی طور پر ہر بچے سے پڑھوایئے۔
- طلبا سے ان کے پسندیدہ منظر کی تصویر بنوائی جاسکتی ہے۔

## پڑھیے اور لکھیے ........... (صفحہ ۳۸)

### مقصد:

- طلبا 'و' کے چار حرفی الفاظ لکھنا سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحات نمبر ۲۵ ، ۲۶

## پیریڈز: ۲۔۳

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے چار حرفی الفاظ کی پڑھائی کے بعد خوشخطی صفحہ نمبر ۲۵ پر کام کروایئے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۲۶ کا کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروایئے۔
- چنبیلی صفحہ نمبر ۳۸ کا کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروایئے۔

# پڑھیے اور لکھیے ............ (صفحات ۳۹ سے ۴۱)

## مقاصد:

- طلبا سکھائے گئے ’ا‘ اور ’و‘ کے دو حرفی اور چار حرفی الفاظ نیز ’ا‘ کے تین حرفی الفاظ استعمال کرکے جملے بناسکیں۔


## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- چنبیلی صفحات نمبر ۳۹ سے ۴۱

## پیریڈز: ۲۔۳

## طریقۂ کار:

- سکھائے گئے تمام دو حرفی ، تین حرفی اور چار حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز طلبا کے ہاتھوں میں دے کر پڑھوایئے۔ ترتیب سے کھڑا کرکے جملے بنایئے اور جماعت سے پڑھوایئے۔




- اس سرگرمی کے بعد چنبیلی کے صفحات کا کام کروایئے۔
- وقت ہونے کی صورت میں کاپی میں بھی جملے بنوائے جاسکتے ہیں۔
- وقت کی کمی کی صورت میں ایک دو صفحات گھر سے کرکے لانے کے لیے بھی دیے جاسکتے ہیں۔

## پڑھیے ، لفظ بنائیے............ (چنبیلی صفحہ ۴۲)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ پر مبنی عبارت پڑھ سکیں۔
- عبارت کا مفہوم جان سکیں۔
- لفظ بنا سکیں۔

### مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز
- چنبیلی صفحہ نمبر ۴۲

### پیریڈ: ۱

### طریقۂ کار:

- طلبا سے انفرادی پڑھائی کروائیے۔
- ’لفظ بنائیے‘ کا کام تختۂ تحریر پر وضاحت سے بنا کر سمجھائیے۔
- چنبیلی میں کام کروائیے۔

## لفظ بنائیے ، الگ کیجیے............ (چنبیلی صفحہ ۴۳)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- درست حروف چن کر ’و‘ کے چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔
- چار حرفی الفاظ الگ کرنا سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- تختۂ تحریر

- چنبیلی صفحہ نمبر ۴۳

## پیریڈ: ۱

## طریقۂ کار:

- تختۂ تحریر پر کام کا طریقہ سمجھا کر کروائیے۔ پہلے صفحے کا اوپر کا حصہ کروائیے۔
- حروف الگ کرنے کا کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروائیے۔

# عبداللہ کا گاؤں

## مقاصد:

- طلبا بصری طریقۂ تدریس اور دہرائے جانے والے الفاظ اور جملوں کے ذریعے پڑھنا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- تارے صفحات نمبر ۲۱ سے ۲۳
- مشق کا صفحہ ۲۴

## پیریڈز: ۲۔۳

## طریقۂ کار:

- کہانی پڑھانے سے ایک ہفتہ قبل سے روزانہ پڑھائے جانے والے فلیش کارڈ طلبا کو یہ کہانی خود پڑھنے کی آسانی فراہم کریں گے۔
- کہانی پڑھنے کا موقع دیجیے۔
- خود پڑھ کر سنائیے۔
- انفرادی طور پر پڑھائی کروائیے۔
- ماسک بنا کر رول پلے (ڈراما) کروائیے۔
- صفحہ ۲۴ سے مشق کا کام کروائیے۔


## یونٹ کے مقاصد:

- طلبا کو بصری طریقۂ تدریس سے نئے الفاظ سکھانا۔
- گنتی ایک دو تین (کہانی: کبوتر جال لے اُڑے) کتاب: چنبیلی
- لمبی ، نرم ، پسند (زارا کی بلّی) کتاب: چنبیلی
- نہیں (مانو کہاں ہے) کتاب: چنبیلی
- باورچی خانے گئیں ، دودھ ، مچھلی ، تھیں ، لیا ، گندی ، اچّھی (چور کون) معاون کتاب: تارے
- تمام سیکھے گئے الفاظ (کہانیوں اورعبارتوں میں) پڑھنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔
- صوتی طریقۂ تدریس سے 'و' کے تین حرفی الفاظ پڑھ اورلکھ سکیں۔
- 'و' کے تین حرفی الفاظ ملا اور الگ کرسکیں۔
- ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کرسکیں (زبانی)

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز ، تختۂ تحریر ، رنگین پنسلیں ، کبوتروں کے پَر اور کٹ آؤٹس ، پنسلوں کی تراش (پنسل تراشنے پر نکلی ہوئی چھیلن)
- اُردو کا گلدستہ 'چنبیلی' (نظر ثانی شدہ ایڈیشن) صفحات ۴۴ سے ۵۰ ، معاون کتاب: تارے صفحات ۲۵ سے ۳۰
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم (نظر ثانی شدہ ایڈیشن) صفحات ۲۷ سے ۳۱
- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل صفحہ نمبر ۴۴
- فلیش کارڈز اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

## تختۂ نرم کی تجاویز:




- گنتی ۱ سے ۵ تصاویر کے ساتھ دو سے تین ہفتے لگائیے تاکہ بچے بصری طریقے سے ہندسے سیکھ لیں۔

نوٹ: تجاویز زیادہ دینے کا مقصد یہ ہے کہ آپ یہ چیزیں اور کام تختۂ نرم پر اپنی منصوبہ بندی کے مطابق لگاتے رہیے۔ ایک وقت میں وہی کام/فلیش کارڈز/ تصاویر لگائیے جو کام آپ جماعت میں کروا رہے ہوں تاکہ بچوں کو اس سے مدد مل سکے۔

## دیکھیے اور سنیے کہانی: 'کبوتر جال لے اُڑے' ........... (صفحہ ۴۴)



### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- طلبا کہانی سن کر لطف اندوز ہوسکیں۔
- کہانی سمجھ سکیں۔
- مرکزی خیال یا اخلاقی سبق جان سکیں۔
- سوالات کے جواب دے سکیں۔

### مددگار مواد:

- چنبیلی صفحہ نمبر ۴۴ ، کہانی 'کبوتر جال لے اڑے'
- رہنما ہدایات برائے اساتذہ صفحہ نمبر ۸۲
- A4 کاغذ، کبوتر کے پَر کے کٹ آؤٹس

### پیریڈز: ۱۔۳

### طریقۂ کار:

- رہنما ہدایات برائے اساتذہ سے کہانی پڑھ کر سنایئے۔
- بچوں کو تصاویر بغور دیکھنے کا موقع دیجیے۔
- سوالات کیجیے، کیا نظر آ رہا ہے؟ کیا ہوا تھا؟
- کہانی کا مرکزی خیال واضح کیجیے کہ سب مل کر کام کریں تو بڑے سے بڑا کام ہوسکتا ہے۔
- کمرۂ جماعت کی مثال دیجیے کہ اکیلا بچہ یہ ڈیسک نہیں اٹھا سکتا لیکن کئی بچے مل کر اسے اٹھا سکتے ہیں۔
- کہانی سے متعلق تصاویر A4 کاغذ پر بنوایئے اور کبوتر کے پَر کے کٹ آؤٹس بنوا کر جماعت میں نمائش کیجیے۔

## پڑھیے اور لکھیے ........... (صفحہ ۴۵)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔

- 'و' کے تین حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔
- 'و' کے تین حرفی الفاظ لکھ سکیں۔


## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ اور گنتی '۱ سے ۵' ہندسے)
- تختۂ تحریر
- مشق کا کام (کاپی)
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۲۷ ، معاون کتاب: تارے کی کہانی 'چور کون؟' صفحات نمبر ۲۶ سے ۲۹

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- نئے الفاظ: [نرم ، پسند] کی پڑھائی کروائیے۔
- گنتی ۱ سے ۵ ہندسے فلیش کارڈز سے سکھائیے۔
- فلیش کارڈز سے 'و' کے تین حرفی الفاظ پڑھوائیے۔
- تختۂ تحریر پر لکھیے۔




- پڑھائی کروانے کے بعد چنبیلی کھلوا کر صفحہ ۴۵ صوتی طریقے سے پڑھائیے۔
- کام کی ہدایت دیجیے۔
- مشق کا کام کاپی میں کالم بنا کر کروائیے۔
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصہ دوم کا صفحہ نمبر ۲۷ کروائیے یا بطور گھر کا کام دے دیجیے۔
- تارے کہانی 'چور کون؟' کے فلیش کارڈز کی پڑھائی کروائیے۔

# پڑھیے ، لفظ بنائیے ........... (صفحہ ۴۶)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔

- صوتی ، بصری طریقے سے پڑھائے گئے الفاظ کے جملے پڑھ سکیں۔
- لفظ بنا سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ اور گنتی)
- تارے صفحہ نمبر ۲۵ 'پیارا مور'
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۳۰
- چنبیلی صفحہ نمبر ۴۶

## پیریڈز: ۱۔۲

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز پڑھوائیے [نرم] ، [پسند] ۔ گنتی [۱] سے [۵]
- چنبیلی کے صفحے 'زارا کی بلّی' سے جملے پڑھوائیے۔
- لفظ بنانے کا کام سکھائیے اور کروائیے۔
- جانچ کیجیے کہ کن بچوں کو الفاظ بنانے آ گئے ہیں۔
- تارے کا صفحہ نمبر ۲۵ کی پڑھائی کروائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۳۰ کا کام کروائیے۔

# لفظ بنائیے اور حروف الگ کیجیے............ (چنبیلی صفحہ ۴۷)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'و' کے تین حرفی الفاظ
- تصویر کی مدد سے الفاظ مکمل کر سکیں۔
- بنائے گئے الفاظ الگ کر سکیں۔

## مددگار مواد:

- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم کا صفحہ نمبر ۳۱
- معاون کتاب: تارے کی کہانی 'چور کون؟' کے فلیش کارڈز

- کاپی اور پنسل

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- چنبیلی کے صفحہ نمبر ۴۷ کا کام کروایئے۔
- حروف الگ کرنے کی مشق کاپی میں کروایئے۔
- مزید مشق کے لیے گھر کے کام میں خوشخطی کا صفحہ نمبر ۳۱ کروایئے۔
- تارے کی کہانی 'چور کون' پڑھایئے۔

# پڑھیے اور لکھیے ...........(چنبیلی صفحہ ۴۸)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- حروف الگ کرسکیں۔
- 'ا' اور 'و' کے تین حرفی الفاظ کی آوازوں کے درمیان فرق کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (گنتی)
- فلیش کارڈز 'ا' اور 'و' کے تین حرفی الفاظ
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ نمبر ۴۸
- کاپی
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحات نمبر ۲۸ ، ۲۹ ، تارے صفحہ نمبر ۳۰

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- گنتی کے فلیش کارڈز پڑھوایئے۔

- فلیش کارڈز پڑھوایئے (’ا‘ کے تین حرفی اور’و‘ کے تین حرفی الفاظ)
- دونوں کی آوازوں کا فرق واضح کیجیے۔
- تختۂ تحریر پر صفحہ نمبر ۴۸ کا کام لکھ کر کام کا طریقہ سمجھایئے اور صفحہ دوبارہ پڑھوایئے۔
- نگرانی کیجیے کہ بچے درست مصوتہ لکھ رہے ہیں اور گنتی درست بناوٹ سے لکھ رہے ہیں۔
- وقت ہو تو گنتی کا کام کاپی میں بھی کروایئے ، بچے ہندسوں کے سامنے خود تصویریں بنائیں۔
- خوشخطی صفحات نمبر ۲۸ ، ۲۹ کروایئے یا گھر کے لیے دے دیجیے۔
- تارے صفحہ نمبر ۳۰ سے رنگ بھریے ، کروایئے۔

## دیکھیے اور پڑھیے............ (چنبیلی صفحات ۴۹ ، ۵۰)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- فلیش کارڈز کے ذریعے سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ پر مبنی کہانی ’مانو کہاں ہے؟‘ خود پڑھ سکیں۔
- نیا لفظ [نہیں] کی پڑھائی کرسکیں۔
- گنتی کا اعادہ کرسکیں۔
- کہانی پڑھ کر سمجھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز چنبیلی صفحہ نمبر ۴۹ میں استعمال کیے گئے الفاظ
- نیا لفظ [نہیں] کا فلیش کارڈ
- کاپی یا A4 کاغذ

### پیریڈز: ۱۔۲

### طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے اس کہانی میں موجود الفاظ پڑھوایئے ، نئے لفظ [نہیں] کا تعارف کروایئے۔
- چنبیلی کا صفحہ نمبر ۴۹ کھلوایئے۔ بچوں سے ہندسوں کی ترتیب کے لحاظ سے تصویریں دیکھنے کے لیے کہیے۔ تصویر نمبر ۱ کی تصویر دیکھنے کے لیے ہدایت دیجیے۔ پوچھیے ، تصویر میں کون ہے؟ ، علی پریشان کیوں ہے؟ ، زارا کیا کہہ رہی ہے؟ عبارت پڑھوایئے۔ اسی طرح تمام تصویروں کے بارے میں باری باری سوالات کے ذریعے بچوں کی مشاہدے اور فہم کی صلاحیتیں بڑھایئے۔ تصویر نمبر ۳ کے بارے میں پوچھیے زارا کیوں سمجھ رہی ہے کہ ٹوکری میں مانو ہے۔ (جواب: گیند کی دھاریاں مانو کی دھاریوں جیسی ہیں)۔ تصویر نمبر ۵ کے بارے میں پوچھیے علی نے درخت کو دیکھ کر کیوں کہا ’وہ مانو ہے‘ (مانو کی دم نظر

آ رہی ہے) تصویر نمبر ۶ کے بارے میں پوچھیے زارا مانو کو کیوں منع کررہی ہے؟ تصویر نمبر ۷ کے بارے میں بات کیجیے کہ دونوں بچے کیا کررہے ہیں ، اچھا کام کررہے ہیں یا برا ، کیا آپ نے کسی جانور کی کبھی مدد کی ہے؟ حضورﷺ کے بارے میں بتایئے کہ وہ جانوروں سے اچھا سلوک کرتے تھے۔ہمیں بھی ایسا ہی کرنا چاہیے۔

- تفصیلی گفتگو کے بعد بچوں کو کاغذ دیجیے اور ان سے کہیے کہ اس کہانی کے پسندیدہ حصے کی تصویر بنایئے۔
- بچے جیسی بھی تصاویر بنائیں حوصلہ افزائی کیجیے اور ان کی تصویروں کے بارے میں پوچھیے کہ آپ کو یہ حصہ کیوں پسند آیا؟


## یونٹ کے مقاصد:

- طلبا کو بصری طریقۂ تدریس سے نئے الفاظ سکھانا۔
- ناراض ،شکریہ ،خوش ، ہری ، پیلی ، بتّی ،گنتی ایک سے پانچ (ہندسے اور الفاظ) (چنبیلی)
- سفید ، سائیکل ، رکشا ، بس ، تیار ، اب (معاون کتاب: تارے)
- بصری طریقۂ تدریس سے سکھائی گئی اُردو گنتی الفاظ اور ہندسے لکھنا سکھانا۔
- طلبا میں تمام سیکھے گئے نئے الفاظ کے جملے پڑھنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔
- صوتی طریقۂ تدریس سے مصوتے 'ی' کے ساتھ دوحرفی اور چارحرفی الفاظ پڑھنا اورلکھنا سکھانا۔
- 'ی' کے دوحرفی اور چارحرفی الفاظ ملانا اور الگ کرنا سکھانا۔
- سکھائے گئے الفاظ پر مبنی جملےنقل کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز ،تختۂ تحریر، پنسلیں ، کارڈ بورڈ کی بڑی گاڑیوں کے کٹ آؤٹ ، گتّے کا سگنل
- کتب: چنبیلی (نظر ثانی شدہ ایڈیشن) صفحات نمبر ۵۱ سے ٦١
- معاون کتاب: تارے صفحات نمبر ۳۱ سے ۳۷
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم (نظر ثانی شدہ ایڈیشن) صفحات نمبر ۳۲ سے ۳۹
- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل صفحات نمبر ۴۵ سے ۴٦
- فلیش کارڈز اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

# تختۂ نرم کی تجاویز:




'چنبیلی'، صفحہ نمبر ۵۲ اور قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل صفحات نمبر ۴۵ ، ۴۶ کے الفاظ

ایک سے پانچ تک الفاظ اور ہندسوں میں گنتی اور 'تارے' اور 'چنبیلی' کا ذخیرۂ الفاظ

معاون کتاب 'تارے' کی کہانی 'میری بات مانو' کے الفاظ اور تصاویر


نوٹ: تجاویز زیادہ دینے کا مقصد یہ ہے کہ آپ یہ چیزیں اور کام تختۂ نرم پر اپنی منصوبہ بندی کے مطابق لگاتے رہیے۔ ایک وقت میں وہی کام/فلیش کارڈز/ تصاویر لگائیے جو کام آپ جماعت میں کروا رہے ہوں تاکہ بچوں کو اس سے مدد مل سکے۔

# مصوّتہ 'ی' کے ساتھ حرف ملانا

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- نئے الفاظ (نہیں ، ناراض ، شکریہ ، خوش) کی پڑھائی کرسکیں۔
- مصوّتوں کا اعادہ کرسکیں۔
- مصوّتے 'ی' کے ساتھ ملانا سیکھ سکیں۔




اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم (نظر ثانی شدہ ایڈیشن)

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز: نہیں ، ناراض ، شکریہ ، خوش
- تختۂ تحریر
- کاپی میں کام
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۳۲

## پیریڈ: ا

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے نئے الفاظ متعارف کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر 'ا ، و ، ی ، ے' کی آوازوں کا اعادہ (دہرائی) کروائیے۔
- 'ا' کے ساتھ اور 'و' کے ساتھ ملانے کا اعادہ کروائیے۔

مثلاً: (ا) (و)

ب + ا با || ب + و بو

ج + ا جا || ج + و جو

- اب 'ی' کے ساتھ ملانا سکھائیے۔ بتائیے کہ 'ی' کے ساتھ ملتے ہوئے حروف اپنی شکلیں بدلتے ہیں اور 'ی' بھی اپنا سر ہٹادیتی ہے۔

مثلاً : ب+ی ‌ ﺑ ی بی

ج+ی ‌ ﺟ ی جی

- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۳۲ کروائیے۔

# مصوّتہ 'ی' کے ساتھ ملانا

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- مصوّتے 'ی' کے ساتھ ملانا سیکھ سکیں۔
- تمام حروفِ تہجی ، خاندان ، جوڑوں کے ساتھ اور شرارتی حروف کے ساتھ 'ی' ملانا اور الگ کرنا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- کاپی کا کام
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم کے صفحات نمبر ۳۳ سے ۳۸

## پیریڈز: ۱۔۲

## طریقۂ کار:

- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۳۳ کروایئے۔
- کاپی میں کالمز بنا کر کام کروایئے۔

(کاپی میں کام کا نمونہ)

| ملایئے | تین دفعہ لکھوایئے | | |
|---|---|---|---|
| ب + ی = بی | ________ | ________ | ________ |
| پ + ی = پی | ________ | ________ | ________ |
| ت | | | |
| ٹ | | | |
| ث | | | |

اسی طرح انھیں حروف کو الگ کرنا بھی سکھا دیجیے۔

بی = ب + ی

پی = پ + ی

# 'ج' کے خاندان کے ساتھ مصوّتہ 'ی' ملانا اور الگ کرنا

## مقصد:

- طلبا 'ج' کے خاندان کے ساتھ مصوتہ 'ی' ملاسکیں اور الگ کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۳۴
- کاپی
- معاون کتاب: 'تارے'
- قاعدہ پڑھیے سیکھیے حصّہ اوّل صفحہ نمبر ۴۵

## پیریڈز: ۱۔۲

## طریقۂ کار:

- اُردو قاعدہ پڑھیے سیکھیے حصّہ اوّل کا صفحہ نمبر ۴۵ (آدھا صفحہ) پڑھائیے۔
- تارے کے صفحہ نمبر ۳۱ ٹوپی، کوٹی کے فلیش کارڈز پڑھائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۳۴ کروائیے۔
- کاپی کا کام پیچھے دیے گئے طریقے سے اس طرح کروائیے جیسے 'ب' کے خاندان کا کروایا تھا۔

# مصوّتہ 'ی' شرارتی حروف سے ملانا اور الگ کرنا

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- شرارتی حروف کے ساتھ مصوّتہ 'ی' ملانا سیکھیں۔
- شرارتی حروف کے ساتھ مصوّتہ 'ی' الگ کرنا سیکھیں۔
- جان سکیں کہ شرارتی حروف اپنے بعد والے حروف سے الگ رہتے ہیں۔

## مددگار مواد:

- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۳۵

- معاون کتاب: 'تارے' صفحات نمبر ۳۱ ، ۳۲ کے فلیش کارڈز
- قاعدہ پڑھیے سیکھیے حصّہ اوّل صفحہ نمبر ۴۵
- کاپی

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- تارے کے صفحات نمبر۳۱ ، ۳۲ کے فلیش کارڈز کی پڑھائی کروایئے۔
- قاعدہ پڑھیے سیکھیے کا صفحہ نمبر ۴۵ پڑھایئے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۳۵ کروایئے۔
- کاپی میں ب اور ج کے خاندان کے ساتھ مصوّتے 'ی' کے ملانے کے طریقۂ کار کی طرح شرارتی حروف کو ملایئے اور الگ کروایئے۔

# حروفِ تہجی کے جوڑوں کے ساتھ مصوّتہ 'ی' ملانا

## مقصد:

- حروفِ تہجی کے جوڑے مثلاً س ش ، ص ض ، ط ظ ، ع غ ، ف ق ، ک گ کے ساتھ مصوّتہ 'ی' کو ملانا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- کاپی
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحات نمبر ۳۶ ، ۳۷
- فلیش کارڈز معاون کتاب: تارے 'ٹوپی ، کوٹی' ، 'زارا کی روٹی' صفحات نمبر ۳۱ ، ۳۲

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- خوشخطی کے صفحات نمبر ۳۶ اور ۳۷ کروایئے۔
- پیچھے دیے گئے طریقے کے مطابق کاپی میں کام کروایئے۔
- تارے کے صفحہ نمبر ۳۱ سے 'ٹوپی کوٹی' پڑھایئے۔
- تارے صفحہ نمبر ۳۲ زارا کی روٹی کے فلیش کارڈز پڑھایئے۔

- اُردو قاعدے میں سے 'ی' کے ساتھ ملانے کا طریقۂ کار صفحہ نمبر ۴۵ سے پڑھائیے۔

# ل ، م ، ن ، و ، ہ کے ساتھ مصوّتہ 'ی' کو ملانا

## مقصد:

- ل ، م ، ن ، و ، ہ کے ساتھ مصوتے 'ی' کو ملانا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- کاپی
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۳۸
- معاون کتاب: تارے صفحہ نمبر ۳۲ (زارا کی روٹی) کے فلیش کارڈز

## پیریڈ: ۱

## طریقۂ کار:

- قاعدہ کا صفحہ نمبر ۴۶ پڑھائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۳۸ کروائیے۔
- کاپی میں پیچھے دیے گئے طریقے کے مطابق ملائیے اور الگ کرنے کا کام کروائیے۔
- تارے کے فلیش کارڈز کی دہرائی کروائیے۔

# پڑھیے اور لکھیے ........... (چنبیلی صفحہ ۵۱)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- شرارتی حروف کا اعادہ کرسکیں اور انھیں 'ی' سے ملانا سیکھ سکیں۔
- س ، ش ، ص ، ض ، ط ، ظ کو 'ی' سے ملانا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ اور 'ی' کے دو حرفی الفاظ)
- قاعدہ پڑھیے سیکھیے حصّہ اوّل صفحہ نمبر ۴۵ ، ۴۶
- تارے صفحہ نمبر ۳۲ (زارا کی روٹی)

## پیریڈز: ۱۔۲

## طریقۂ کار:

- قاعدہ کا صفحہ نمبر ۴۵ ، ۴۶ کھول کر پڑھائیے۔
- تارے 'زارا کی روٹی' کے فلیش کارڈز پڑھائیے۔
- فلیش کارڈز سے نئے الفاظ اور 'ی' کے دو حرفی الفاظ پڑھائیے۔
- تختۂ تحریر پر 'ی' کے ساتھ ملانے کا اعادہ کیجیے۔ شرارتی حروف کی یاد دہانی کرواتے ہوئے 'ڑ' کو 'ی' کے ساتھ لکھنے کا طریقہ بتائیے اسی طرح س ،ش ،ص ،ض ، ط ، ظ ملانے کا طریقہ سمجھائیے۔
- پہلے چنبیلی کے صفحے پر درست بناوٹ سے کام کروائیے۔

# پڑھیے اور لکھیے ............ (چنبیلی صفحہ ۵۲)

## مقاصد

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'ی' کے ساتھ بقیہ حروف تہجی ملانا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر


## پیریڈز: ۱۔۲

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ اور 'ی' کے دوحرفی الفاظ پڑھوایئے۔ 'ا' کے دوحرفی اور 'و' کے دوحرفی الفاظ کے کارڈز ساتھ رکھ کر پڑھوایئے۔

مثلاً: | با | جی | | با | لی | | مو | تی | | رو | تی |

- یہی کام تختۂ تحریر پر لکھ کر بھی کروایئے۔




- چنبیلی صفحات نمبر ۵۱ ، ۵۲ کا کام توجہ سے اپنی نگرانی میں کروایئے۔
- تارے صفحہ نمبر ۳۲ 'زارا کی روٹی' پڑھایئے۔

# الگ کیجیے............ (چنبیلی صفحہ ۵۳)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'ی' کے ساتھ ملانا سیکھ سکیں۔
- 'ی' کے حروف الگ کرنا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ نمبر ۵۲
- معاون کتاب: تارے صفحہ نمبر ۳۳
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۳۹

## پیریڈز: ۱۔۲

### طریقۂ کار:

- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۳۹ کروائیے یا گھر کے کام میں دیجیے۔
- تارے سے 'میری بات مانو' کا صفحہ نمبر ۳۳ فلیش کارڈز کی مدد سے پڑھائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ نمبر ۵۳ بورڈ/تختۂ تحریر پر سمجھائیے چونکہ بچے یہ کام کاپی میں کر چکے ہیں تو زیادہ مشکل پیش نہیں آئے گی۔
- چنبیلی کا صفحہ نمبر ۵۳ کروائیے۔

# ملائیے ، الگ کیجیے ، پڑھیے اور لکھیے ........... (چنبیلی صفحات ۵۴ ، ۵۵)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- 'ی' کے ساتھ ملانے اور الگ کرنے کا کام کرسکیں۔
- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'ی' کے چار حرفی الفاظ لکھ سکیں۔
- حروف الگ کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (نئے بصری الفاظ)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحات نمبر ۵۴ ، ۵۵
- معاون کتاب: تارے 'میری بات مانو' صفحہ نمبر ۳۳

## پیریڈز: ۲

### طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے نئے الفاظ پڑھوائیے۔
- تختۂ تحریر پر چنبیلی صفحہ نمبر ۵۴ کے کام کا آدھا حصہ (ملائیے) لکھیے ، سمجھائیے اور کام کروائیے۔

- بچوں کے کام ختم کرنے کے بعد دوسرا آدھا حصہ (الگ کیجیے) لکھیے اور سمجھائیے۔ یہ طریقۂ کار اس لیے اپنائیے کہ بچے دو ہدایات پر ایک ساتھ عمل کرنے میں مشکل محسوس کرتے ہیں جس کے نتیجے میں کام غلط کرسکتے ہیں۔
- تختۂ تحریر پر چنبیلی کا صفحہ نمبر ۵۵ پورا بنائیے اور سمجھانے کے بعد کام کروائیے۔
- چنبیلی صفحہ نمبر ۵۵ پر کرایا گیا کام کاپی پر کروائیے۔
- تارے سے 'میری بات مانو' (نظم) کے فلیش کارڈز کی پڑھائی کروائیے۔

## پڑھیے اور لکھیے ............ (چنبیلی صفحات ۵۶ ، ۵۷)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- جملے پڑھ اور لکھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- مشق کا کام (کاپی)

### پیریڈز: ۲

### طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز پڑھوائیے نئے الفاظ | شکریہ | ناراض | خوش |
- سکھائے گئے الفاظ کے جملے لکھنے کا کام جملے پڑھوانے کے بعد چنبیلی صفحات نمبر ۵۶ ، ۵۷ میں کام کروائیے۔
- مشق کا کام کاپی میں کروائیے بچوں سے پوچھ کر جملے بورڈ پر لکھیے جنھیں وہ اپنی کاپی میں نقل کریں۔ جو بچے خود بناسکیں ان کو نقل کرنے کے لیے نہ کہیے۔
- تارے 'میری بات مانو' کے فلیش کارڈز کی پڑھائی کروائیے۔

## پڑھیے ، لفظ بنایئے............ (چنبیلی صفحہ ۵۸)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے پڑھائے گئے الفاظ پر مبنی کہانی 'باغ' پڑھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز [نئے بصری الفاظ ، نئے الفاظ ، بتّی ، ہری ، پیلی ]
- نئے الفاظ: | بتّی | ہری | پیلی |
- چنبیلی صفحہ نمبر ۵۸

### پیریڈ: ا

### طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے نئے الفاظ [ بتّی ، ہری ، پیلی] کا تعارف کروایئے۔
- پہلے سے دکھائے جانے والے فلیش کارڈز [شکریہ ، ناراض ، خوش] دہرایئے۔
- چنبیلی کا صفحہ نمبر ۵۸ کھلوایئے۔ ایک بار خود کہانی پڑھ کر سنایئے۔ پھر باری باری بچوں سے دو دو جملے پڑھوایئے۔ (فلیش کارڈز پابندی سے پڑھائے جانے کی وجہ سے تمام بچوں کے لیے یہ کہانی پڑھنا آسان ہوگا)۔
- تارے صفحہ نمبر ۳۳ سے 'میری بات مانو' کی پڑھائی کروایئے۔

## لفظ بنایئے ، حروف الگ کیجیے............ (چنبیلی صفحہ ۵۹)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔
- چار حرفی الفاظ الگ کرسکیں۔
- حروف الگ کرنے کی مشق کرسکیں۔


## مددگار مواد:

- چنبیلی صفحہ نمبر ۵۹
- مشق کا کام (کاپی)
- تارے صفحات نمبر ۳۳ ، ۳۴

## پیریڈ: ۱

## طریقۂ کار:

- تارے صفحہ نمبر ۳۳ کی دہرائی اور ۳۴ کی پڑھائی کروایئے۔
- چار حرفی الفاظ بنانے کا کام تختۂ تحریر پر سمجھایئے۔ یہ کام آپ پہلے بھی سمجھا چکے ہیں لہٰذا دہرانے سے بچے آسانی سے کرلیں گے۔ جن بچوں کو مشکل درپیش ہو ان کی مدد کیجیے۔
- حروف الگ کرنے کا کام کروایئے۔ تختۂ تحریر پر سمجھایئے۔
- چنبیلی صفحہ نمبر ۵۹ کی مشق کا کام سمجھا کر کاپی میں کروایئے۔ (حروف الگ کرنا ، پالی......)



# چوک کا منظر............ (چنبیلی صفحہ ۶۰)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- ٹریفک قوانین سے آگاہ ہوسکیں۔
- جملے پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- ہندسے اور الفاظ میں پانچ تک گنتی کے فلیش کارڈز۔
- گتے کا سگنل جس پر لال ، ہری ، پیلی بتّی بنائی گئی ہو۔
- معاون کتاب: تارے صفحات نمبر ۳۶ ، ۳۷

## پیریڈز: ۱۔۲

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے [بتّی] [ہری] [پیلی] پڑھوایئے۔ ہندسوں میں گنتی طلبا لکھ چکے ہیں اب الفاظ میں گنتی [ایک] [دو] [تین] [چار] [پانچ] کے فلیش کارڈز دکھایئے اور پڑھوایئے۔
- چنبیلی کا صفحہ نمبر ۶۰ پڑھوایئے اور ٹریفک کے بارے میں سمجھایئے ، قانون توڑنے سے کیا نقصان ہوتا ہے سمجھایئے۔
- بچوں کو جھوٹ موٹ گاڑیاں بنایئے ، کچھ بچے جماعت میں سگنل پکڑ کر کھڑے ہوں۔
- بچے گاڑیوں کی طرح چلیں آپ لال بتی کی طرف اشارہ کریں تو وہ رک جائیں پیلی کی طرف اشارہ کریں تو وہ تیار رہیں اور ہری پر چلنا شروع کریں۔
- نوٹ: نظم و ضبط کا خیال رکھتے ہوئے یہ ڈرامے کی طرح کروایئے۔
- تارے صفحات نمبر ۳۰ اور ۳۱ کی پڑھائی اور سرگرمیاں کروایئے۔

# پڑھیے ، لکھیے ........... (چنبیلی صفحہ ۶۱)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- گنتی ہندسوں اور الفاظ میں پڑھ اور لکھ سکیں۔
- پھلوں کے ناموں سے زبانی آ گاہ ہوسکیں۔

## مددگار مواد:





- فلیش کارڈز ( گنتی ہندسوں اور الفاظ میں )
- چنبیلی صفحہ نمبر ۶۱
- کاپی
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۴۲

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے ہندسوں اور الفاظ میں گنتی پڑھوایئے۔

- چنبیلی صفحہ نمبر۲۱ کا کام تختۂ تحریر پر بنا کر سمجھائیے۔'ملائیے' کا کام سمجھاتے ہوئے ان پھلوں کے نام سکھائیے جن کی تصاویر صفحے پر موجود ہیں۔ (آم ، انار ، سیب ، ناشپاتی ، کیلے)
- خوشخطی میں کام کروائیے۔
- گنتی کا کام کاپی میں کالمز بنا کر بھی کروائیے۔

| تاریخ | گنتی | | |
|---|---|---|---|
| | ۱ | ایک |  |
| | ۲ | دو |  |
| | ۳ | تین |  |
| | ۴ | چار |  |
| | ۵ | پانچ |  |


## یونٹ کے مقاصد:

- طلبا کو بصری طریقۂ تدریس سے نئے الفاظ سکھانا۔
- متضاد الفاظ نیچے ، اوپر ، اندر ، باہر ، پیچھے ، آگے ، سونا ، جاگنا سے متعارف کروانا۔
- ان الفاظ پر مبنی نظم 'بلّی اور چُوہا' پڑھ لینے کی صلاحیت پیدا کرنا۔
- رنگوں کے ناموں (لال ، پیلا ، نیلا) کا اعادہ کروانا۔
- چنبیلی کے نئے الفاظ: ، رنگ ، پھول ، آب ، ہرا سکھانا۔
- نئے الفاظ: آسمان ، آنکھوں ، رُوئی ، چاند ، بنو ، دیکھو ، مجھے ، سفید ، پھُول ، بادل (معاون کتاب: تارے)
- بصری طریقے سے سکھائے گئے الفاظ 'امّی اور ابّو' لکھنا سکھانا۔
- صوتی طریقۂ تدریس سے مصوّتے 'ے' کے دو حرفی اور چار حرفی الفاظ پڑھنے اور لکھنے کی اہلیت پیدا کرنا۔
- 'ے' کے دو حرفی اور چار حرفی الفاظ ملانے اور الگ کرنے کے قابل بنانا۔
- سکھائے گئے الفاظ پر مبنی جملے نقل کرنے کے قابل بنانا۔
- گنتی کے الفاظ دیکھ کر ہندسے لکھنے کے قابل بنانا۔
- تمام مصوّتوں (ا ، و ، ی ، ے) کے دو حرفی الفاظ بنانے کے قابل بنانا (اعادہ)
- مصوّتوں کی پہچان چار حرفی الفاظ میں کرنے کے قابل بنانا۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز ، تختۂ تحریر ، کاپی اور رنگین پنسلیں ، ماسک (بلّی اور چُوہا)
- کتب: اُردو کا گلدستہ چنبیلی (نظر ثانی شدہ ایڈیشن) صفحات نمبر ۶۲ سے ۸۷
- معاون کتاب: تارے صفحات نمبر ۳۸ سے ۵۲
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم (نظر ثانی شدہ ایڈیشن) صفحات نمبر ۴۰ سے ۵۸
- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل صفحات نمبر ۴۷ سے ۴۸
- فلیش کارڈز اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

## تختۂ نرم کی تجاویز:




'چنبیلی' صفحات نمبر ٦٢ سے صفحہ نمبر ٨٧ اور قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ اوّل صفحات نمبر ٤٧ ، ٤٨ کے الفاظ

نوٹ: تجاویز زیادہ دینے کا مقصد یہ ہے کہ آپ یہ چیزیں اور کام تختۂ نرم پر اپنی منصوبہ بندی کے مطابق لگاتے رہیے۔ ایک وقت میں وہی کام/فلیش کارڈز/ تصاویر لگائیے جو کام آپ جماعت میں کروا رہے ہوں تاکہ بچوں کو اس سے مدد مل سکے۔

# بلّی اور چُوہا............ (چنبیلی صفحات ۶۲ ، ۶۳)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- سکھائے گئے دو حرفی ، چار حرفی اور ذخیرۂ الفاظ پر مبنی نظم پڑھ سکیں۔
- اُوپر نیچے ، اندر باہر ، آگے پیچھے کے معنی جان سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (نئے بصری الفاظ)
- A4 سائز کا کاغذ یا کاپی

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز پڑھوایئے۔
- چنبیلی سے نظم پڑھوایئے۔ چند الفاظ کے سوا تمام نظم خود پڑھ سکیں گے۔
- زبانی گفتگو سے واضح کیجیے کہ اس نظم میں کیا ہورہا ہے۔ بلّی ، چُوہے کے پیچھے کیوں لگی ہے؟ (وہ اسے تنگ کررہا تھا) ، وہ نیچے تھی تو چُوہا کہاں تھا؟ چوہا آگے تھا اور بلّی؟ ، چُوہا اندر تھا اور بلّی؟ ، چُوہے کی دُم بلّی کے منہ میں کیسے آئی؟ (وہ اسے کھانا چاہ رہی تھی لیکن وہ بھاگ کے بِل میں چلا گیا) ، وہ بِل (چُوہے کے گھر) میں نہیں جاسکتی تھی اس لیے اسے بلا رہی تھی ، چُوہا اپنی دُم کیوں واپس نہیں لے رہا تھا؟ ، (اس لیے کہ وہ دُم لینے باہر نکلتا تو بلّی اسے کھا جاتی)۔
- بچوں سے کہیے کہ وہ اس کہانی سے کوئی پسندیدہ شعر نقل کریں اور تصاویر بنائیں۔

# دیکھیے اور پڑھیے............ (صفحہ ۶۴)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- نیا لفظ [پسند] پڑھ سکیں۔
- رنگوں کی پہچان دہرا سکیں۔
- لکھے گئے جملے خود پڑھ سکیں۔

- سب کرداروں کے پسندیدہ رنگ ان کے ہاتھوں میں پکڑے کپڑوں میں بھر سکیں۔
- کاپی میں رنگوں کے نام لکھنے کی مشق کر سکیں اور وہی رنگ اپنی بنائی ہوئی تصویروں میں بھر سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (نئے بصری الفاظ)
- کاپی ، رنگین پنسلیں

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز پڑھوایئے۔ پچھلے تمام نئے الفاظ کی دہرائی کروایئے۔
- لفظ (پسند) تختۂ تحریر پر لکھیے۔ بچوں سے چنبیلی صفحہ نمبر ٦٤ کھلوا کر پڑھوایئے۔
- رنگ بھرنے کا کام دیجیے ہر کردار (امّی ، ابّو ، زارا ، علی) کے ہاتھ میں پکڑے کپڑوں میں جملوں کے مطابق پسندیدہ رنگ بھروایئے۔ اس دوران انفرادی طور پر ہر بچے سے جملے پڑھوا کر سنیے۔
- صفحے کے نیچے لکھا گیا مشق کا کام کاپی میں کروایئے۔

# 'ے' کے ساتھ ملانا

## مقاصد:

طلبا 'ے' کے ساتھ دو حرفی الفاظ ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز کی (نظم) معاون کتاب 'تارے' صفحہ نمبر ۳۸
- تختۂ تحریر
- قاعدہ پڑھیے سیکھیے حصّہ دوم صفحہ نمبر ۴۷
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۴۳

## پیریڈ: ۱

## طریقۂ کار:

- تختۂ تحریر پر بڑا اور واضح لکھ کر ملانے کا طریقہ سمجھائیے۔ ب+ے = بے
- قاعدے سے پڑھائی کروائیے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۴۳ پر دیے گئے ہر خاندان کے ایک ایک حرف سے ملانے کا کام کروائیے۔
- نظم 'تارے' کے فلیش کارڈز دکھائیے اور پڑھائیے۔

# 'ے' کے ساتھ ملانا

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ے' کے ساتھ 'ب' کا خاندان ملانا سیکھ سکیں۔
- تارے کے فلیش کارڈز کے ذریعے 'ے' کے الفاظ جان سکیں۔

## مددگار مواد:

- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم کا صفحہ نمبر ۴۴
- کاپی

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۴۴ کا کام کروائیے۔
- کاپی میں کام کروائیے۔

ب + ے = بے ______ ______ ______

پ + ے = پے ______ ______ ______

ت + ے = تے ______ ______ ______

ٹ + ے = ٹے ______ ______ ______

ث + ے = ثے ______ ______ ______

- اور اسی طرح خاندان کو یہیں الگ کرنا بھی سکھادیں۔

بے = ب + ے

- معاون کتاب: تارے کے صفحہ نمبر ٣٨ کی نظم 'تارے' پڑھ کر سنایئے۔

## 'ے' کے ساتھ ملانا

### مقصد:

- طلبا 'ے' کے ساتھ 'ج' کا خاندان ملانا سیکھ سکیں۔


### مددگار مواد:

- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم کا صفحہ نمبر ۴۵
- معاون کتاب: تارے صفحات نمبر ٣٨ ، ٣٩
- قاعدہ پڑھیے سیکھیے حصّہ اوّل صفحہ نمبر ۴٧
- کاپی

### پیریڈز: ٢

### طریقۂ کار:

- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۴۵ کا کام کروایئے۔
- کاپی میں پیچھے 'ب' کے خاندان کے دیے گئے طریقے کے مطابق کام کروایئے۔
- تارے کے صفحات نمبر ٣٨ ، ٣٩ کی فلیش کارڈز کی مدد سے پڑھائی کروایئے۔
- قاعدے کے صفحہ نمبر ۴٧ کی پڑھائی کروایئے۔
- فلیش کارڈز پڑھوایئے۔
- 'ب سے خ' تک حروف 'ے' کے ساتھ ملا کر لکھنا سکھایئے۔
- تختۂ تحریر پر کاپی میں کام کا طریقہ سمجھایئے۔
- کام کی نگرانی کیجیے اور درست بناوٹ میں مدد کیجیے۔
- دیکھیے کہ بچے انگلش کے 'Z' کی شکل نہ بنائیں بلکہ 'ے' کا کونا گول بنائیں۔
- 'ا' اور 'و' کے دو حرفی الفاظ 'ے' کے دو حرفی الفاظ کے ساتھ رکھ کر چار حرفی بنانا سکھائیں۔



# ’ے‘ کے ساتھ ملانا

## مقصد:

- طلبا شرارتی حروف کے ساتھ ’ے‘ کے الفاظ بناسکیں۔

## مددگار مواد:

- کاپی
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم کا صفحہ نمبر ۴٦
- معاون کتاب: تارے
- قاعدہ کا صفحہ نمبر ۴۷

## پیریڈ: ۱

## طریقۂ کار:

- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۴٦ کروائیے۔
- پیچھے دیے گئے طریقے کے مطابق کاپی میں کام کروائیے۔
- تارے کی پڑھائی کروائیے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر ۴۷ پڑھائیے۔

# حروف تہجی کے جوڑوں کے ساتھ ’ے‘ کو ملانا

## مقصد:

- طلبا حروف تہجی کے جوڑوں کے ساتھ ’ے‘ کو ملاسکیں۔

## مددگار مواد:

- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم کے صفحات نمبر ۴۷ ، ۴۸
- تارے کے فلیش کارڈز
- قاعدہ پڑھیے سیکھیے حصّہ اوّل

## پیریڈ: ۱

## طریقۂ کار:

- خوشخطی کے صفحات نمبر ۴۷، ۴۸ کا کام کروائیے۔
- بتائے گئے طریقے کے مطابق کاپی میں کام کروائیے۔

# 'ے' کو ملانا

## مقصد:

- طلبا ل، م، ن، و، ہ، کے ساتھ 'ے' ملاسکیں۔

## مددگار مواد:

- کاپی
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۴۹
- معاون کتاب: تارے کی کہانی 'پکڑم پکڑائی' صفحات نمبر ۴۰ سے ۴۵
- قاعدہ پڑھیے سیکھیے حصّہ اوّل کا صفحہ نمبر ۴۷

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- خوشخطی کے صفحہ نمبر ۴۹ کا کام کروائیے۔
- پیچھے بتائے گئے طریقے کے مطابق کام کروائیے۔
- تارے کی کہانی 'پکڑم پکڑائی' کی پڑھائی کروائیے۔
- قاعدہ کا صفحہ نمبر ۴۷ پڑھائیے۔

# پڑھیے اور لکھیے ............ (صفحہ ۶۵)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- چاروں مصوّتوں کی آوازیں دہراسکیں۔

- سکھائے گئے تینوں مصوّتوں کو دہرا سکیں۔
- چوتھے مصوّتے 'ے' کے ساتھ حروف ملانا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ نمبر ٦٥
- تارے کی نظم 'رنگ اور پھول' کے فلیش کارڈز

## پیریڈز: ٢

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے لکھوائے گئے الفاظ پڑھوایئے۔ 'ے' کے دو حرفی الفاظ کے کارڈز دکھایئے۔
- تختۂ تحریر پر تینوں مصوتوں کی آوازوں کا اعادہ کروایئے۔
- نئے مصوتے 'ے' کے ساتھ ملانا سکھایئے۔
- تمام حروف کے ساتھ 'ے' ملا کر پڑھایئے۔
- چنبیلی کا صفحہ نمبر ٦٥ کا مواد تختۂ تحریر پر لکھیے اور کام کا طریقہ سمجھایئے 'د + ے' اور 'ر + ے' ملاتے وقت یاد دلایئے کہ یہ شرارتی ہیں اس لیے نہیں ملیں گے۔
- تارے سے نظم 'رنگ اور پھول' فلیش کارڈز کے ذریعے پڑھایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ی | و | ا |
| لی | بو | با |
| باجی | بولو | بابا |

# پڑھیے اور لکھیے ............ (چنبیلی صفحہ ٦٦)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے چار حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔
- بقیہ حروف 'ے' کے ساتھ ملانا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

- چنبیلی صفحہ نمبر ٦٦
- کاپی میں کام
- قاعدہ پڑھیے سیکھیے حصّہ اوّل صفحہ نمبر ٤٨

## پیریڈز: ٢

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے چار حرفی 'ے' کے الفاظ پڑھوایئے۔
- چنبیلی صفحہ نمبر ٦٦ پر کام کروایئے۔
- تارے کی نظم 'رنگ اور پھول' کے فلیش کارڈز کی پڑھائی کروایئے۔
- قاعدے کا صفحہ نمبر ٤٨ کروایئے۔

# الگ کیجیے........... (چنبیلی صفحہ ٦٧)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'ے' کے دو حرفی الفاظ الگ کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز ('ے' کے چار حرفی الفاظ)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ نمبر ٦٧
- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)

## پیریڈ: ١

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے 'ے' کے چار حرفی الفاظ پڑھوایئے۔
- تختۂ تحریر پر 'ے' کے حروف الگ کرنے کا کام سمجھایئے۔

- چنبیلی صفحہ نمبر ٦٧ کا صفحہ تختۂ تحریر پر بنائیے اور کام کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- کام کی نگرانی کیجیے۔
- فلیش کارڈز سے سکھایا گیا ذخیرۂ الفاظ پڑھوائیے۔
- تارے کی نظم 'رنگ اور پھول' کی پڑھائی کروائیے۔

## ملائیے ، الگ کیجیے............ (چنبیلی صفحہ ٦٨)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- 'ے' کے دوحرفی الفاظ کے حروف الگ کرنے کی مشق کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (ے کے دو اور چار حرفی الفاظ)
- تختۂ تحریر
- کاپی
- چنبیلی صفحہ نمبر ٦٨

### پیریڈ: ١

### طریقۂ کار:

- 'ے' کے دو اور چار حرفی الفاظ پڑھوائیے۔
- تختۂ تحریر پر 'ے' کے دوحرفی الفاظ الگ کرنے کا طریقہ دہرائیے۔
- چنبیلی صفحہ نمبر ٦٨ پر کام کروائیے۔

## پڑھیے اور لکھیے ............ (چنبیلی صفحہ ٦٩)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے تمام سکھائے گئے الفاظ پڑھ سکیں۔
- جانچ کا کام کاپی میں کرسکیں۔
- املا کے بارے میں جان سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- تختۂ تحریر
- کاپی
- چنبیلی صفحہ نمبر ٦٩
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ٥٠

## پیریڈز: ٢

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے چاروں مصوتوں کے چار حرفی منتخب الفاظ پڑھوائیے۔
- کاپی میں منتخب دو حرفی 'ے' کے الفاظ (پے ، تے ، جے ، حے ، شے ، دیکھیے اور حروف الگ کروائیے۔ صے ، طے ، فے ، کے ، لے ، مے ، نے ، ہے)
- املا کرنے کا طریقہ سمجھائیے۔ کاپی میں کچھ حروف اور کچھ دو حرفی الفاظ کا املا لیجیے۔
- چنبیلی صفحہ نمبر ٦٩ کا کام کروائیے۔
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم کا صفحہ نمبر ٥٠ کروائیے۔

# املا

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے تمام سکھائے گئے الفاظ پڑھ سکیں۔
- 'ے' کے دو حرفی الفاظ بنانے کے کام کی جانچ کا کام کرسکیں۔
- املا کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- تختۂ تحریر
- کاپی
- تارے صفحات نمبر ۴۸ ، ۴۹

## پیریڈ: ا

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز پڑھوایئے۔
- 'ے' کے دو حرفی الفاظ بنوایئے۔ ب + ے ، ج + ے ، د + ے ، ر + ے ، س + ے ، ص + ے ، ط + ے ، ع + ے ، ف + ے ، گ + ے۔
- املا کروایئے۔ کچھ حروف اور کچھ دو حرفی الفاظ مثلاً آپ بولیے 'ج' اور بچے درست بناوٹ سے 'ج' کاپی میں لکھیں۔ آپ بولیے 'با' اور بچے 'با' لکھیں۔
- معاون کتاب: تارے سے 'مانو بے چاری' نظم کے فلیش کارڈز پڑھوایئے۔

## املا

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:
- فلیش کارڈز سے پڑھائی کرسکیں۔
- املا کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (دو اور چار حرفی الفاظ)
- کاپی
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز نیا لفظ | بازار |

## پیریڈ: ۱

## طریقۂ کار:

- ان الفاظ کے فلیش کارڈز پڑھوائیے جن کا آپ املا لیں گے [بابا] [باجا] [بولو] [تولو] [باجی] [پانی] [باجے] [تارے]
- کاپی میں املا لیجیے۔ املا کے بعد بورڈ پر الفاظ لکھ دیجیے بچوں سے کہیے کہ وہ دیکھیں کہ انھوں نے کون سے الفاظ صحیح لکھے ہیں اور کون سے غلط ، صحیح الفاظ کے ساتھ ✓ کا نشان اور غلط کے ساتھ × بنادیں۔ غلط الفاظ کے سامنے تختۂ تحریر سے دیکھ کر صحیح لفظ لکھیں۔
- فلیش کارڈز سے چارحرفی الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔ نیا لفظ [بازار] سکھائیے۔
- تختۂ تحریر پر چنبیلی کے دونوں صفحات بنا کر کام کا طریقہ سمجھائیے۔
- کام کی نگرانی کیجیے اور ہر بچے سے انفرادی طور پر جملے پڑھوائیے۔
- تارے کے صفحات نمبر ۴۸ اور ۴۹ سے 'مانو بے چاری' سنائیے اور پڑھوائیے۔

## پڑھیے............ (چنبیلی صفحہ ۷۰)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- نظم خود پڑھ سکیں۔
- مصوّتوں کے دوحرفی تین حرفی اور چارحرفی الفاظ پہچان سکیں۔
- نظم سے مصوّتوں کے الفاظ الگ کرکے لکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- چنبیلی صفحہ نمبر ۷۰
- تختۂ تحریر
- کاپی
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۵۱

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- نظم پڑھوایئے (انفرادی) یعنی ہر بچے سے۔
- تختۂ تحریر پر کالم بنا کر کام کا طریقہ سمجھایئے۔

| ا | و | ی | ے |
|---|---|---|---|
| زارا | مانو | روتی | کے |
| ______ | ______ | ______ | ______ |
| ______ | ______ | ______ | ______ |

- بچے چنبیلی صفحہ نمبر ۷۰ پر نظم سے مصوتوں کے الفاظ چن کر کالمز میں لکھیں۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم کا صفحہ نمبر ۵۱ کروایئے۔

# نظم: زارا کی مانو............ (چنبیلی صفحہ ۷۰)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز اور صوتی طریقے سے پڑھائے گئے الفاظ کی مدد سے نظم خود پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- چنبیلی صفحہ نمبر ۷۰
- کاپی
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحات نمبر ۵۲ ، ۵۳

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- چنبیلی کا صفحہ کھلوایئے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ خاموشی سے پڑھنے کی کوشش کریں۔ اس نظم کے تمام الفاظ بچے پڑھ چکے ہیں۔
- پانچ منٹ کی خاموشی کے بعد ایک ایک مصرعہ ایک ایک بچے سے پڑھوایئے ، آپ خود پڑھ کر سنایئے تا کہ جن بچوں کو مشکل ہورہی ہو وہ سن کر سیکھ سکیں۔

- سوال پوچھیے کس کے پاس مانو ہے؟ کس کے پاس وہ روتی ہے؟ کس کی گود میں ہوتی ہے؟
- یہ نظم کاپی میں خوشخط لکھوائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۵۲ کروائیے۔

## پڑھیے اور لکھیے ........... (چنبیلی صفحہ ۷۱)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- امّی ، ابّو لکھنا سیکھ سکیں۔
- جملے لکھنا سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- چنبیلی صفحات نمبر ۷۱ سے ۷۲

### پیریڈ: ۱

### طریقۂ کار:

- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ نمبر ۷۱ تختۂ تحریر پر بنا کر لکھنے کا صحیح طریقہ سمجھائیے۔
- کام کے دوران نگرانی کیجیے اور ہر بچے سے جملے پڑھوائیے۔
- کاپی میں امّی اور ابّو کے جملے اور تصاویر بنوائیے۔

یہ میری امّی  ہیں۔

وہ میرے ابّو  ہیں۔

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ نمبر ۷۲ گھر کے کام میں دیا جاسکتا ہے۔

# پڑھیے اور لکھیے ............ (چنبیلی صفحہ ۷۳)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- چنبیلی کی مشق کا کام کرسکیں۔
- جملے بناسکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ اور گنتی)
- تختۂ تحریر
- کاپی

## پیریڈز: ۲۔۳

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے جملے بنانے کا کام سمجھائیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مانو | کے | بال | صاف | ہیں | |
| زارا | کے | بال | کالے | ہیں | |
| ابّو | بازار | جاتے | ہیں | | |

- تختۂ تحریر پر بھی سکھائے گئے الفاظ پر مبنی جملے لکھ کر پڑھائی کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر مشق میں دیے گئے الفاظ کے جملے بچوں سے پوچھ کر لکھیے اور کاپی میں نقل کروائیے۔
- گنتی کے فلیش کارڈز کا اعادہ کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر جملے لکھ کر پڑھائیے۔ ہندسے ایک جانب لکھ دیجیے جن کو دیکھ کر بچے خالی جگہ میں ہندسے لکھ سکیں۔
- لفظ بنانے کا کام بھی تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے اور کروائیے۔
- چنبیلی صفحہ نمبر ۷۳ پر کام کروائیے۔

## پڑھیے اور ہندسے لکھیے ........... (چنبیلی صفحہ ۷۴)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- ہندسے پڑھ اور لکھ سکیں۔
- لفظ بنا سکیں۔

### مددگار مواد:

- چنبیلی صفحہ نمبر ۷۴
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم کا صفحہ نمبر ۴۲
- کاپی

### پیریڈز: ۲

### طریقۂ کار:

- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۴۳ کروائیے۔
- فلیش کارڈز کی پڑھائی کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ نمبر ۷۴ کروائیے۔
- کاپی میں ۱ ۔ ۵ تک ہندسے الفاظ میں لکھوائیے۔

## 'ے' کے چار حرفی الفاظ........... (چنبیلی صفحہ ۷۵)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- جانچ کا کام کرسکیں۔
- حروف الگ کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (’ے‘ کے چار حرفی الفاظ)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ نمبر ۷۵
- کاپی
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۵۴

### پیریڈز: ۲

### طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے چار حرفی (ے) کے الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر چنبیلی کا صفحہ نمبر ۷۵ بنا کر کام کا طریقہ سمجھائیے۔
- کام کے دوران نگرانی کیجیے۔ مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- چنبیلی کے کام کے بعد تختۂ تحریر پر مشق کا کام لکھ کر سمجھائیے۔
- کاپی میں کام کروائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۵۴ کروائیے۔

## ا ، و ، ی ، ے کے منتخب چار حرفی الفاظ............ (چنبیلی صفحات ۷۶ ، ۷۷)

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- چاروں مصوتوں کے ساتھ دو حرفی الفاظ بناسکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- تختۂ تحریر
- معاون کتاب: تارے صفحہ نمبر ۵۰

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے (پنسل، بستہ، امّی، میری، میرے ...... چار حرفی ا ، و ، ی ، ے کے منتخب الفاظ)۔
- تختۂ تحریر پر کام کا طریقہ سمجھایئے اور چنبیلی کے صفحات پر کام کروایئے۔
- کام کی نگرانی کیجیے اور انفرادی طور پر ہر بچے سے پڑھوا کر سنیے۔
- تارے صفحہ نمبر ۵۰ کروایئے۔

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'ا اور و' سے ملا کر دو حرفی الفاظ خوشخط لکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- کاپی
- معاون کتاب: تارے صفحہ نمبر ۵۱
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم کا صفحہ نمبر ۵۵

## پیریڈز: ۱۔۲

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے (وہی فلیش کارڈز جو کل پڑھائے گئے تھے)۔
- تختۂ تحریر پر 'ملایئے' لکھیے اور کام کا طریقہ سمجھایئے۔
- کاپی میں دو کالمز بنوا کر حروف سے مصوتے ملوایئے۔

مثلاً: حروف: ب ، ج ، د ، ز ، س ، ر ، ص ، ط ، ع ، ف ، ک ، ل ، م ، ن ، ہ

(کاپی میں کام کا نمونہ) ملایئے

| | | |
|---|---|---|
| | ا | و |
| ب | با | بو |
| | | |

- یہ کالم کاپی کے دوصفحات پر ہوگا۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۵۵ کروایئے۔
- تارے صفحہ نمبر ۵۱ کروایئے۔

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'ی' اور 'ے' کے ساتھ ملا کر دوحرفی الفاظ خوشخط لکھ سکیں۔
- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- حروف تہجی چاروں مصوتوں سے ملاسکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- تختۂ تحریر
- کاپی
- فلیش کارڈز
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ دوم صفحہ نمبر ۵۶

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز پڑھایئے۔
- تختۂ تحریر پر کام کا طریقہ سمجھایئے۔
- کاپی میں دو کالمز بنوا کر حروف سے مصوتے ملوایئے۔

حروف: ب ، چ ، ڈ ، ز ، ش ، ض ، ظ ، غ ، ق ، گ ، ل ، م ، ن ، و۔

(کاپی میں کام کا نمونہ) ملایئے

| | | |
|---|---|---|
| | ی | ے |
| پ | پی | پے |
| | | |

- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۵۶ کروایئے۔

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- چاروں مصوتوں کے دو حرفی الفاظ سن کر لکھ سکیں۔
- (املا)

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- تختۂ تحریر
- کاپی
- تارے صفحہ نمبر ۵۲

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز پڑھوایئے۔
- املا کرنے کا طریقۂ کار دہرایئے۔ کاپی میں املا لیجیے۔ دو کالمز بنوا لیجیے۔

ملایئے

| | ا | و | ی | ے |
|---|---|---|---|---|
| ب | با | بو | بی | بے |

با ، چا ، وا ، سا ، کا ، تو ، خو ، رو ، کو ، تی ، چی ، دی ، فی ، بے ، دے ، سے ، کے۔

- بچوں کے کام کی تصحیح ان ہی سے کروایئے آپ تختۂ تحریر پر درست الفاظ لکھیں بچے دیکھ کر درست پر ✓ اور غلط پر × کا نشان بنائیں۔
- تارے صفحہ نمبر ۵۲ کروایئے۔

# پڑھیے اور لکھیے ........... (چنبیلی صفحہ ۷۸)

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- مصوّتوں کی پہچان کر سکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ جملوں میں استعمال کر سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- تختۂ تحریر
- چنبیلی صفحہ نمبر ۷۸

## پیریڈ: ۱

## طریقۂ کار:

- چار حرفی الفاظ اور ذخیرۂ الفاظ (پنسل ، بستہ ، میری ، میرے) کی پڑھوائی کروائیے۔
- چنبیلی کا صفحہ تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے (پڑھیے اور لکھیے)۔
- اوپر کے حصے کا کام کروانے کے بعد خالی جگہ میں درست لفظ لکھنے کا تعارف کروائیے۔ سمجھائیے اور صفحے کی خالی جگہ میں درست لفظ چن کر لکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- ہر بچے سے الفاظ اور جملے پڑھوائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۵۷ کروائیے۔

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- سن کر چار حرفی الفاظ لکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- خوشخطی صفحہ نمبر ۵۸


## پیریڈ: ۱


## طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز پڑھنے کا مقابلہ کروائیے۔ ٹیمیں بھی بنوائی جاسکتی ہیں۔ جو بچے یا ٹیم جیتے اس کے لیے تالیاں بجوائیے ، ہاتھ پر اسٹار بنائیے۔
- املا کا مقابلہ بھی اسی طرح کیجیے آپ لفظ بولیے اور بچے آ کر تختۂ تحریر پر لکھیں ، جیتنے والی ٹیم کے لیے تالیاں بجوائیے اور بچوں کو اسٹار دیجیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۵۸ کروائیے۔


گتّے کے تراشوں (کٹ آؤٹس) کے لیے دیے گئے خاکے۔
















بچّوں کے کام کے نمونے




احاب
P.III
میرے کھلونے
میری کار
میرے ابو


میرا پسندیدہ کھلونا
ہانیہ
P.III
میری امی
میری گڑیا